جلد نمبر2
شمارہ نمبر4
جنوری 2020
المنار
مجلس طلبائے قدیم تعلیم الاسلام کالج، امریکہ کا علمی اور ادبی مجلّہ

اس شمارے میں

عنوان	مصنف
تبرّکات	القران، الحدیث
غالبِ خستہ کے بغیر	پرویز پروازی
غالب (احمد) مرگیا، پر یاد آتا ہے	ڈاکٹر ساجد علی
تعلیم الاسلام پرائمری سکول قادیان سے تعلیم الاسلام کالج ربوہ تک کا سفر	پروفیسر محمد شریف خان
ڈاکٹر عبد السلام اور چین	تحریر: پروفیسر ڈاکٹر پرویز بود بھائی ترجمہ: زکریا وِرک
ڈاکٹر صلاح الدین مرحوم	امتیاز راجیکی
میاں لطف الرحمن محمود صاحب (مرحوم) کا ذکرِ خیر	انجینئر محمود مجیب اصغر، ربوہ
شعری نشست	ناصر جمیل
From T.I. College Rabwah to University of the Punjab Lahore	Muhammad Zafrullah
Taking Down Terrorists in Court	William Finnegan,
سرورق اور پس ورق	تعلیم الاسلام کالج ربوہ کی نئ عمارت

پتہ برائے خط و کتابت

editorAlmanar@gmail.com

Click Here to visit TICAA USA **Website**

Click her to visit us on **facebook**

رَبَّنَا ظَلَمْنَا أَنفُسَنَا وَإِن لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُونَنَّ مِنَ الْخَاسِرِينَ – الاعراف: 24

اے ہمارے رب! ہم نے اپنا بڑا نقصان کیا اور اگر تو ہماری مغفرت نہ کرے گا اور ہم پر رحم نہ کرے گا تو واقعی ہم نقصان پانے والوں میں سے ہو جائیں گے

توبہ و استغفار کے یہ وہ کلمات ہیں جو حضرت آدم علیہ السلام نے اللہ تعالی سے سیکھے تھے۔

شیطان نے جب اللہ کی نافرمانی کا ارتکاب کیا تو اس کے بعد نہ صرف وہ اس پر اڑ گیا، بلکہ اس کے جواز و اثبات میں عقلی و قیاسی دلائل بھی دینے لگا۔ نتیجتاً وہ راندہ درگاہ اور ہمیشہ کے لیے ملعون قرار پایا۔ حضرت آدم علیہ السلام نے اپنی غلطی پر ندامت و پریشانی کا اظہار اور بارگاہ الٰہی میں توبہ و استغفار کا اہتمام کیا، تو اللہ کی رحمت و مغفرت کے مستحق قرار پائے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پریشانی کے وقت یہ دعا پڑھتے تھے

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ الْعَظِيمُ الْحَلِيمُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ

بخاری: الدعوات، باب الدعاء عند الکرب، الفتح ج ۱۱، ص ۱۲۳، مسلم: ۲۷۳۰

اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، وہ عظمت والا اور بردبار ہے، اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، وہ عرشِ عظیم کا رب ہے، اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، وہ آسمانوں کا رب اور زمین کا رب اور عرشِ عظیم کا رب ہے۔

غالبِ خستہ کے بغیر

پرویز پروازی

راجہ غالب احمد بھی گئے۔ ان کے ساتھ گورنمنٹ کالج کے قیام پاکستان کے قریب کی ادبی روایت دم توڑ گئی۔ صوفی تبسم مرحوم کی سرپرستی میں گورنمنٹ کالج کے نوجوان دانشوروں کی جس جماعت نے ادبی حلقوں سے اپنا لوہا منوایا تھا۔ ان میں مظفر علی سید تھے، غالب احمد اور انور غالب تھیں۔ حنیف رامے اور شاہین حنیف رامے تھیں، جاوید شاہین تھے۔ ان میں اکثر لوگ نفسیات کے لوگ تھے اور ادبی حلقوں میں ممتاز سمجھے جاتے تھے۔ غالب احمد مظفر علی سید کے ساتھ ایئر فورس میں چلے گئے اور مدتوں اپنے نام کے ساتھ فلائٹ لیفٹیننٹ غالب احمد لکھتے رہے۔ حنیف رامے سیاست میں آکر خوار ہوئے اور اپنی رہی سہی آبرو بھی گنوا بیٹھے۔ غالب احمد غالباً اس گروپ کے آخری آدمی تھے وہ بھی راہی بقا ہوئے۔ جو خاک سے بنا ہے وہ آخر کو خاک ہے۔ جاوید شاہین نے اپنی خودنوشت "میرے ماہ وسال" میں مزے لے لے کر صوفی صاحب اور ان کے پروردہ نوجوانوں کے گروپ اور ان کی صوفی صاحب کی سرپرستی میں ہونے والی "زائد از نصاب" سرگرمیوں کا ذکر کیا ہے۔

ہمارا اور غالب احمد کا تعارف اس زمانہ میں ہوا جب وہ لاہور کے سکینڈری ایجوکیشن بورڈ کے کنٹرولر امتحانات بن کر لاہور آگئے۔ ہمیں کسی میٹنگ میں

شرکت کرنا تھی جس کی صدارت غالب احمد کر رہے تھے۔ ملاقات ہوئی تو کہنے لگے میں بھی تعلیم الاسلام کالج کا اولڈ سٹوڈنٹ ہوں۔ بس باہمی اشتراک نے ہمیں ایک دوسرے سے قریب کر دیا پھر ادبی سطح پر یہ اشتراک بڑھتا گیا۔ غالب احمد سرگودھے آگئے تو ربوہ سے قربت کی وجہ سے ان کا ربوہ آنا جانا بھی بڑھ گیا اور ہماری ملاقاتیں بھی بڑھ گئیں۔ ہمارا کالج ادبی سرگرمیوں کی وجہ سے سارے ملک میں ممتاز تھا۔ ہر مہینے بلکہ ہر ہفتے کوئی نہ کوئی ادبی تقریب برپا ہوتی رہتی۔ سرگودھے کے دیگر ادبا کی طرح غالب احمد شرکت کرتے۔

دسمبر میں جماعت احمدیہ کا جلسہ سالانہ بڑی دھوم دھام سے منعقد ہوا کرتا تھا۔ میں اپنے گھر پر اس موقع پر ایک مشاعرہ منعقد کیا کرتا تھا جس میں ملک بھر سے آئے ہوئے شعرا شرکت کرتے تھے۔ ایسے ہی ایک مشاعرہ کا واقعہ ہے کہ میری ہمیشرہ نسبتی (اب ڈاکٹر امتہ النصیر) جس کی عمر اس وقت کوئی دس برس ہو گی۔ بڑھ چڑھ کر مشاعرہ کے انتظامات میں حصہ لے رہی تھی کیونکہ اس نے سنا تھا کہ غالب بھی مشاعرہ میں شرکت کر رہے ہیں۔ جب شعرا اپنی اپنی جگہوں پر بیٹھ گئے اور مشاعرہ شروع ہوا تو دروازے سے لگ کر بیٹھ گئی اور غور سے مشاعرہ سننے لگی۔ غالب احمد کی باری آئی اس نے ان کا کلام سنا اور اپنی بہن یعنی میری بیوی سے کہنے لگی "ہائے اللہ یہ غالب نے داڑھی کیوں اتر ادی ہے۔ تصویر میں تو بہت خوبصورت لگتا تھا"۔ وہ غالب احمد کو مرزا غالب سمجھ بیٹھی تھی۔ ہم نے غالب احمد کو یہ بات سنائی۔ غالباً اس کے بعد غالب احمد نے بھی داڑھی چھوڑ دی مگر وہ بات کہاں مولوی مدن کی سی!۔

انتظار حسین نے اپنی خود نوشت "چراغوں کو دھواں" میں لکھا ہے "بھٹو صاحب ویسے تو بہت دانا و بینا تھے مگر اسلام کا علم بلند کرتے وقت اس نکتہ کو فراموش کر گئے۔ احمدیوں کو غیر مسلم قرار دینے کا اقدام، جمعہ کی چھٹی، گھڑ دوڑ، پابندی شراب پر پابندی مگر عجب ہوا کہ ایسے کام انجام دینے کے باوجود ان کی مسلمانی مشکوک رہی۔ ہاں یہ جو احمدیوں کو غیر مسلم قرار دینے کا اقدام تھا اس کا تھوڑا اثر ہماری دوستیوں پر بھی پڑا۔ غالب احمد کو کب سے مسلمان سمجھتا چلا آرہا تھا اچانک پتہ چلا کہ وہ تو غیر مسلم ہے۔ مجھے تو خیر جانے دو ہمارے دوستوں کے حلقہ میں اسلام کے سب سے بڑے مبلغ تو اپنے شیخ صلاح الدین چلے آرہے تھے۔ ان کے دو ہی تو محبوب موضوعات تھے وقت کا مسئلہ اور اسلام۔ انہوں نے اسلام کے پیچ سے کیسا کیسا فلسفہ کشید کر کے ہمارے ذہن نشین کیا تھا مگر حیف کہ غالب احمد کی نامسلمانی ان کی نظروں سے اوجھل رہی۔ اس انکشاف کی سعادت ہمارے سیکولر رہنما ذوالفقار علی بھٹو کو حاصل ہوئی۔ خیر دوستی تو نبھانی تھی۔ کتنے زمانے سے اس یار سے ملاقات نہیں ہوئی تھی۔ اس دن میں نے سوچا آئین دوستی کا تقاضا یہ ہے کہ اب جبکہ دوست مسلم سے غیر مسلم بن گیا ہے تو اس حادثے پر اس سے جا کر اظہار ہمدردی کیا جائے یا تعزیت کی جائے۔ میرے ہوتے ہوئے میرے سوا جو دوسرا دوست غالب احمد سے تعزیت کرنے آیا تھا وہ حیات احمد خان تھے"۔ (چراغوں کا دھواں صفحہ -264 65)۔

پھر انتظار حسین نے اپنی دوسری خود نوشت "جستجو کیا ہے" میں لکھا "ان خوابوں نے یا اس خواب نے ان دنوں جا کر رنگ پکڑا جب میں لاہور شہر میں رچ بس چکا تھا اور چھوڑی ہوئی بستی خواب و خیال بن چکی تھی۔ ناصر کاظمی کے ساتھ جو شب و روز بسر ہوئے یہ ان کا فیض تھا۔ ان دنوں ناصر کے نہیں یاروں کی پوری منڈلی کے ساتھ اس شہر میں اتنا گھوما پھرا۔ گلی گلی کوچہ کوچہ سڑک سڑک سمجھ بیٹھا کہ ناصر کے ساتھ میں بھی اس شہر کا روڑا بن چکا ہوں۔ سو اب اپنی چھوڑی ہوئی بستی کی گلیاں کوچے بھی کم کم یاد آتے تھے مگر خوابوں میں تو وہ اب زیادہ ہی آنے لگے تھے۔ شاید انہوں نے لاہور کے گلی کوچوں میں رچتا بستا دیکھ کر میرے بیدار شعور سے پسپا ہو کر میرے خوابوں میں پناہ لے لی تھی۔ شاید میرے اندر وہ چھپ کر بیٹھ گئے تھے اور مجھے نیند میں غافل پا کر مجھے یاد دلانے آتے تھے کہ نیا دیار نئے کوچے برحق مگر ہم بھی یہیں کہیں تمہاری یادوں میں شاد آباد ہیں۔

وہ راتیں بھی خوب تھیں۔ گھومتے پھرتے رات زیادہ ہو جاتی تو کوئی یہ سوچ کہ گھر دور ہے ہمارے رات کے کسی ہم سفر کے ہمراہ اس کے گھر جا پسر تا۔ کسی ایسی ہی شبھ گھڑی میں غالب احمد میرے ٹھکانے پر آگیا۔ تنہائی میں دل کی باتیں کہنے کا موقع ملا تو میں نے یہ سوچ کر کہ غالب کا مضمون نفسیات ہے اسے اپنے خوابوں کی نوعیت بتائی۔ سوچا کہ وہ اس کی معنویت پر کچھ روشنی

ڈالے گا مگر اس نے کچھ اور ہی بات کی۔ میرے سوال کے جواب میں اس نے ایک سوال کر ڈالا" تم نے کافکا کا ناول کیسل پڑھا ہے ؟"۔

"نہیں" میں کہا" بس میں نے اس کا ایک ہی ناول پڑھا ہے ٹرائل اور کچھ کہانیاں"

"اس ناول کو پڑھ لو"

میں نے اس مشورہ کی وضاحت چاہی۔ جواب دیا" بس تم یہ ناول پڑھ لو"۔

۔۔۔ پڑھا۔۔۔ میں حیران کہ یہ میں ناول پڑھ رہا ہوں یا خواب دیکھ رہا ہوں ارے یہ تو میں خود اپنے خوابوں کے بیچ بھٹک رہا ہوں" (جستجو کیا ہے صفحہ 17-18)

غالب احمد ادب کے میدان میں اتنے مصروف نہیں رہے جتنی ان کی بیگم انور غالب رہیں۔ انور نثری نظم کی جدید ترین صنف سخن کی ایک لحاظ سے بانی تھیں مگر اپنی گوشہ نشینی کی وجہ سے کم ہی سامنے آتی تھیں۔ غالب خود بھی پختہ کار غزل گو تھے مگر ان کا رجحان بھی چھپنے کی طرف نہیں تھا۔ دونوں کا کوئی مجموعہ کلام چھپا ہو تو میرے علم میں نہیں۔ ہاں غالب احمد کی ادبی بصیرت کا ایک منظر میرا آنکھوں دیکھا ہے۔ ڈاکٹر وزیر آغا کی کتاب تخلیقی عمل چھپی تو ادبی حلقوں میں دھوم مچ گئی مگر کہیں کہیں سے اس کتاب کے مندرجات پر تنقید و تنقیص کی آوازیں بھی اٹھیں۔

کشور ناہید نے اپنے دولت خانہ پر ایک ادبی مکالمہ کا اہتمام کیا۔ آغا صاحب سرگودھے سے پروفیسر غلام جیلانی اصغر کو اور ربوہ سے مجھ جیسے ہیچمداں کو لے کر لاہور آئے اور ہم کشور ناہید کے ہاں حاضر ہوئے۔ کشور نے لاہور سے جناب جیلانی کامران، اور غالب احمد کو مدعو کر رکھا تھا۔ ایسی مکالماتی نشست میں نے اپنی زندگی میں پہلی بار دیکھی جس میں مدعوئین نے ایک دوسرے کے نظریات اور خیالات پورے تحمل اور بردباری سے سنے ہوں اور حقیقت کی تہہ تک پہنچنے کی کوشش کی ہو۔

چار پانچ گھنٹے تک یہ نشست جاری رہی غالباً کشور ناہید نے اسے ریکارڈ بھی کیا تھا شاید اس کی روداد کہیں چھپی بھی ہو مگر میرے علم میں نہیں۔ اس نشست میں غالب احمد نے جس بالغ نظری سے کتاب کے مالہ اور ماعلیہ پر بحث کی تھی وہ ادب میں یادگار رہنے والی چیز ہے۔ اس نشست میں شامل ہونے والے ہر ایک شخص نے غالب احمد کو داد دی تھی اور وہ حسب طبیعت سر جھکائے بیٹھے رہے۔

غالب احمد سرگودہا بورڈ کے چیئرمین بنے وہاں سے پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ کے چیئرمین بن کر لاہور آ گئے پھر جائنٹ سیکرٹری ایجوکیشن کی حیثیت سے کام کرتے رہے اور وہیں سے وظیفہ یاب ہوئے۔ وظیفہ یابی کے بعد سارا وقت جماعت احمدیہ لاہور کے ترجمان رہے۔ 28 مئی کے حادثہ کے بعد جس میں لاہور کی احمدیہ مساجد پر حملے کر کے کوئی سو کے قریب احمدیوں کو شہید کیا گیا تھا یہ کام بڑی ذمہ داری کا تھا اور راجہ غالب احمد نے اس کام کو خوب نبھایا۔

پچھلے دو تین برسوں سے ان کی طبیعت ناساز تھی خاص طور پر انور غالب کی وفات کے بعد تو بہت ہی اداس اور پریشان رہنے لگے تھے۔ پچھلے جمعہ کو لاہور میں داعی اجل کو لبیک کہا اور ربوہ میں بہشتی مقبرہ میں دفن ہوئے اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند کرے۔ آمین۔

(راجہ غالب احمد کا شعری مجموعہ "رخت ہنر" کے نام سے نیازمانہ پبلیکشنز ،لاہور-پاکستان سے شائع ہوا تھا۔ اس کی تقریب رونمائی میں انتظار حسین نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی تھی۔ ایڈیٹر نیازمانہ)

(بشکریہ نیازمانہ)

غالب (احمد) مرگیا، پر یاد آتا ہے

ڈاکٹر ساجد علی

فیس بک پر محترم مسعود اشعر صاحب کے کالم سے یہ افسوسناک خبر ملی کہ غالب احمد بھی اس دنیا سے رخصت ہو گئے ہیں۔ ان کے نوٹ سے اور بھی دکھ ہوا کہ اخبار نے غالب احمد کے ذکر کی بنا پر اس کالم کو لائق اشاعت نہ جانا۔ ہماری یہ روایت تو نہیں کہ شعر و ادب کی داد دینے سے پہلے شاعر یا ادیب کا عقیدہ دریافت کیا جائے۔ شاعر کا تو ہمیشہ سے یہ امتیاز رہا ہے کہ اسے ہر طرح کی بات کہنے کا حق حاصل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ شاعر حضرات اکثر مذہبی شعار اور اداروں کا مذاق اڑاتے رہے ہیں مگر کبھی اس بات پر نہ لائق نفرین ٹھہرائے گئے نہ گردن زدنی۔ اگر کسی نے شاعرانہ اظہار کو فقہ کی سان پر پرکھنے کی کوشش کی تو الٹا اسے بدذوق قرار دیا گیا۔

مجھے نہیں معلوم کہ کسی مفتی شرع متین نے اس شعر پر میر صاحب کی گرفت کی ہو:

میر کے دین و مذہب کو اب پوچھتے کیا ہو ان نے تو

قشقہ کھینچا دیر میں بیٹھا کب کا ترک اسلام کیا

غالب کی رند مشربی اور آج کے 'علمائے حق' کی رو سے بدعقیدگی کے باوجود نہ صدر الصدور مفتی صدر الدین آزردہ نے اس سے قطع تعلق کیا نہ علامہ فضل حق خیر آبادی نے منہ موڑا بلکہ دیوان غالب کے انتخاب کا فریضہ بھی انجام دیا جس میں یہ شعر بھی موجود تھا

ہم موحد ہیں ہمارا کیش ہے ترک رسوم

ملتیں جب مٹ گئیں اجزائے ایماں ہو گئیں

خود مفتی آزردہ صاحب نے غالب کی صحبت کا اثر قبول کرتے ہوئے تمام تر تفقہ اور تقویٰ کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اس قسم کا لازوال شعر بھی کہہ دیا:

کامل اس فرقہ زہاد سے اٹھا نہ کوئی

کچھ ہوئے تو یہی رندان قدح خوار ہوئے

علامہ اقبال نے اپنی شاعری میں مہاتما بدھ کو خراج تحسین پیش کیا، رام کی تعریف میں نظم لکھی، گایتری کے اشلوک کا ترجمہ کیا، بابا گورونانک کو مرد حق قرار دیا، سوامی رام تیرتھ کا مرثیہ کہا۔ ایک مولوی صاحب نے اس پر کفر کا فتویٰ ارشاد کیا تو اسے سید سلیمان ندوی سے لے کر ظفر علی خاں تک نے ملامت کا ہدف ٹھہرایا۔ علامہ اقبال نے تو مزید ستم یہ کیا کہ احمدیوں کے خلاف مضمون لکھنے کے باوجود اپنے بھتیجے شیخ اعجاز احمد کا نام اپنے بچوں کے گارڈین میں شامل

کیا۔

انتظار حسین صاحب، جنہیں مرحوم لکھنے کو دل نہیں مانتا، کا کہنا تھا کہ اردو میں عظیم کا لفظ صرف تین لوگوں کے نام کے ساتھ استعمال کیا جا سکتا ہے اور وہی درحقیقت اس کے حق دار ہیں۔ اور وہ تین نام میر، غالب اور اقبال ہیں۔ لیکن اگر راسخ الاعتقادی کو معیار بنایا گیا تو پھر ہمیں ان سب سے ہاتھ دھونا پڑیں گے۔ ہمارے ایک بہت بڑے نقاد تھے جن کا نام محمد حسن عسکری تھا۔ جوانی میں، ترقی پسندوں کے بقول، زوال آمادہ اور فراریت سے معمور فرانسیسی ادب سے متاثر تھے اور اسی انداز میں کہانیاں بھی لکھتے تھے۔ شاعری میں فراق گورکھپوری کے مداح اور عقیدت مند تھے، اقبال کی شاعری کو کسی شمار قطار میں نہیں رکھتے تھے۔ جوانی کے بعد رینے گینوں کی معرفت مذہب کی طرف مائل ہوئے تو اشرف علی تھانوی صاحب سے رشتہ عقیدت استوار کیا اور مفتی شفیع صاحب کی تفسیر کے انگریزی ترجمہ میں مشغول ہو گئے۔ اس کایا کلپ کے باوجود فراق سے ان کی عقیدت میں کوئی فرق نہ آیا اور فراق کی شاعری کے متعلق انہوں نے اپنی آرا میں کسی تبدیلی کی ضرورت محسوس نہ کی اور نہ علمائے دیوبند نے ان سے ایسا کوئی مطالبہ کیا۔

جدید دور میں جب کہ تعلیم کو عام کیا جا رہا ہے تو نصابات میں شعر و ادب کی تعلیم کو بھی ضروری سمجھا جاتا ہے۔ تو کیا کسی ادیب اور شاعر کو نصاب میں شامل کرنے سے پہلے اس کے عقاید کا جائزہ لیا جائے گا۔ اگر ایسا ہوا تو میر اور غالب سمیت کتنے ہی شعرائے کرام کو تعلیمی اداروں کے نصاب سے خارج کرنا پڑے گا۔ کیا اقبال کو نصاب سے خارج کر کے ہمیں اقبال سہیل صاحب کی شاعری کو پڑھانا پڑے گا۔ اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ ساہیوال میں ایک مذہبی مدرسہ ہے۔ انہوں نے ایک دفعہ اپنے رسالے کا مدنی نمبر چھاپا۔ لا محالہ اس میں مولانا مدنی اور اقبال کے اس مباحثے کا ذکر بھی آنا تھا۔ اس زمانے میں اقبال سہیل صاحب نے اقبال کے اس مشہور قطعے کا جواب ایک طویل نظم کی صورت میں دیا تھا۔ رسالے کے مدیر نے اس نظم کو شامل اشاعت کرتے ہوئے اس پر یہ نوٹ لکھا تھا کہ اقبال سہیل صاحب کا شعری مقام ڈاکٹر اقبال سے بہت بلند ہے۔ اس تنقیدی بصیرت پر اہل مذہب ہی سبحان اللہ کہہ سکتے ہیں۔

محمد حسین آزاد سے لے کر انتظار حسین تک کتنے ہی نثر نگاروں کی تحریروں کا مطالعہ باعث جرم و سزا شمار کیا جائے گا۔ نہ دیا شنکر نسیم کے لیے کوئی جگہ ہوگی نہ منشی پریم چند کے لیے۔ فراق گورکھپوری تو مذہبی عقائد کے علاوہ اور بھی کئی وجوہ کی بنا پر مردود نصاب ہوں گے۔

خیر بات ذرا پھیل گئی۔ میں لکھنا تو غالب احمد صاحب کے بارے میں چاہتا تھا جن سے شناسائی رہی اور کچھ ملاقاتوں کا موقع میسر آیا۔ زمانہ طالب علمی میں ناصر کاظمی کے فرزند، باصر سلطان کاظمی، سے دوستی کا آغاز ہوا تو ایک دوبار ناصر کاظمی صاحب کو دیکھنے کا موقع میسر آیا، لیکن ناصر کاظمی کی وفات کے بعد باصر کے گھر پر اور اس کے ساتھ ناصر کاظمی کے دوستوں سے ملنے کے کتنے ہی مواقع میسر آئے۔ انہیں میں غالب احمد صاحب بھی تھے۔

پاکستان کے وجود میں آنے کے بعد ناصر کاظمی ہجرت کر کے ایک بار پھر لاہور میں وارد ہوئے تو ان کے گرد کچھ لوگوں کی منڈلی جمع ہوئی جو ناصر کی سحر انگیز شخصیت سے بہت متاثر تھے۔ ان شب گزیدوں کی انجمن کا ایک رکن غالب احمد بھی تھے جو اس زمانے میں گورنمنٹ کالج لاہور میں طالب علم تھے۔ وہ ناصر کے کتنے ہی رتجگوں کے رفیق تھے۔ 16 دسمبر 1951 کو ناصر کاظمی نے اپنی ڈائری میں لکھا کہ "غالب احمد ان دنوں میری تنہائیوں اور رتجگوں میں زیادہ شریک رہتا ہے۔" ڈائری کے اندراجات سے پتہ چلتا ہے کہ وہ غالب احمد کی تخلیقی اور شعری صلاحیتوں کے متعلق بہت پر امید تھے۔ 27 فروری 52 کو لکھا ہے: "ایک شعر غالب احمد کا نقل کرتا ہوں، بہت پسند آیا:

آنکھ چمکی کرن کرن کے ساتھ
شہر سے دور دن کا پھول کھلا

ازاں بعد ایک اور اندراج کچھ یوں ہے: "20 ستمبر 52۔۔۔ غالب احمد ابھی ابھی گجرات سے آیا۔ نشست رہی۔ اس سے غزل سنی، ساری غزل پسند آئی۔

پھر اٹھا جانب دل شور کہیں
آرزوؤں نے کیا زور کہیں

دور اس پار چمک لہرائی
پھر گھٹا اٹھی ہے گھنگھور کہیں
کون جانے یہ کہاں برسے گی
یہ برستی ہے کہیں شور کہیں
جنگلوں میں بھی تو آبادی ہے
من میں رہتا ہے وہ چت چور کہیں
چشم نرگس بھی ہوئی دیدہ شوق
کاش آجائے وہ اس اور کہیں

غالب احمد کی اس غزل میں مطلع کے دوسرے مصرع میں آرزوؤں کی زاور اور زور۔ پھر دوسرے شعر میں گھٹا اور گھنگھور کی آواز، پھر یہ مصرع، یہ برستی ہے کہیں شور کہیں۔۔۔ مون سون اسی طرح اٹھتی ہے۔ غالب احمد اگر اسی طرح سوچ سمجھ کر لکھتا رہا تو نئے غزل گوؤں میں بلکہ نئے شاعروں میں سب سے آگے بڑھ جائے گا۔ مجھے اس سے بہت رغبت اور دلی پیار ہے اور بہت سی امیدیں بھی ہیں۔"

ایک اور اندراج بہت غور طلب ہے جو 26 ستمبر 52 کا ہے"۔۔۔غالب، حفیظ، شیخ، انتظار، نور کے ساتھ میٹرو گیا۔۔۔ نئی پرانی نسل پر بحث ہوئی۔ محمد حسن عسکری نے آفتاب کو انگریزی میں خط تحریر کیا ہے کہ

This younger generation will go to ashes.

نامعلوم یہ کونسی نئی نسل ہے۔ ویسے محمد صفدر، مظفر علی سید، غالب احمد اور میرے ہوتے ہوئے یہ جرات عجیب ہے۔"

تاہم ناصر کاظمی کی ان امیدوں کو پورا نہ ہونا تھا۔ غالب احمد تعلیم سے فارغ ہو کر ایر فورس سے وابستہ ہو گئے اور ان کا ٹھکانہ لاہور سے دور ہو گیا۔ طبیعت میں بے پروائی اور قلندری تھی اس لیے زیادہ چھپنے چھپانے کی ضرورت محسوس نہ کی۔ اس اثنا میں ایک واقعہ یہ ہوا کہ ناصر کاظمی نے 60 کی دہائی میں مسلسل غزلوں کا سلسلہ پہلی بارش کے نام سے تحریر کیا۔ یہ غزلیں سن کر غالب احمد نے کہا کہ ناصر شعر تو تم پہلے سے کہہ رہے تھے مگر شاعری تم پر اب نازل ہوئی ہے۔ وہ ان غزلوں سے اتنا متاثر ہوئے کہ انہوں نے مسودہ ناصر سے لے لیا کہ وہ اس کی اشاعت کا بندوبست کریں گے مگر شومئی قسمت کہ وہ مسودہ ان سے کہیں کھو گیا چنانچہ ناصر کی زندگی میں "پہلی بارش" شائع نہ ہو سکی۔ ناصر کی وفات کے بعد یہ گم شدہ مسودہ انہیں مل گیا۔ غالب احمد جب ثانوی تعلیمی بورڈ کے چیئر مین کی حیثیت سے سرگودھا میں تعینات تھے اس وقت ان سے یہ مسودہ لے کر ڈاکٹر خورشید رضوی صاحب نے ان غزلوں کا مطالعہ کیا اور ناصر کاظمی پر اپنے 1973 کے مضمون میں پہلی بارش کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا۔

غالب احمد کا تبادلہ جب لاہور ہوا تو ناصر کاظمی رخصت ہو چکے تھے۔ اب ان کی دوستی اور ملاقات زیادہ تر حنیف رامے اور شیخ صلاح الدین کے ساتھ رہی۔ اسی اثنا میں مجھے بھی چند بار ان سے ملاقات کا شرف حاصل ہوا۔ 1999ء میں جب حسن سلطان کاظمی نے چند دوستوں کے ساتھ مل کر ناصر کاظمی سوسائٹی کی بنیاد رکھی تو ناصر کاظمی کے گھر پر جو نشست منعقد ہوئی اس کی صدارت غالب احمد صاحب نے کی۔ انتظار صاحب مہمان خصوصی تھے۔ اسی طرح اس سوسائٹی کی چند اور نشستوں میں بھی وہ تشریف لائے۔ باصر کے ساتھ چند دفعہ ان کے گھر پر ملاقات کو جانا ہوا۔

پندرہ یا شاید سولہ برس پرانی بات ہے جب میرے دوست اور شاگرد ڈاکٹر خلیل احمد گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن (سابقہ سنٹرل ٹریننگ کالج) میں پڑھا رہے تھے تو وہ کالج کی ایک تقریب میں غالب پر ایک لیکچر کروانا چاہتے تھے۔ انہوں نے مجھ سے رابطہ کیا تو میں نے غالب احمد صاحب کا نام تجویز کیا۔ انہوں نے کمال شفقت کا اظہار کرتے ہوئے میری درخواست کو قبول کر لیا۔ اس دن میں نے انہیں کالج تک آمدورفت کی سہولت فراہم کی۔ ان کا لیکچر سنا اور دن بھر ان کی باتوں سے مستفید ہونے کا موقع میسر آیا۔ وہ بہت صاحب علم تھے۔ نفسیات، فلسفہ، ادب اور شاعری کا بہت گہرا مطالعہ تھا۔ ٹھہر ٹھہر کر دھیمے لہجے میں بہت عمدہ گفتگو کرتے تھے۔ متعدد مضامین کے علاوہ ان کے دو شعری مجموعے "راحت گمنام" اور "رخت ہنر" بھی شائع ہو چکے ہیں۔ ان کی وفات لاہور کی علمی اور تہذیبی زندگی کو مزید تہی مایہ کر گئی ہے۔

تعلیم الاسلام پرائمری سکول قادیان سے تعلیم الاسلام کالج ربوہ تک کا سفر

پروفیسر محمد شریف خان

والد مرحوم ڈاکٹر حبیب اللہ خان صاحب تنزانیہ افریقہ، میں ڈیوٹی پر تھے۔ مجھے 1946 میں تعلیم الاسلام پرائمری سکول قادیان میں پہلی جماعت میں داخل کرا دیا گیا۔ سالانہ امتحان ہوئے، قاعدہ یسرنالقرآن زبان کی تکلیف کے باعث اچھی طرح سنا نہ سکا، جبکہ دوسرے مضامین میں پاس تھا، فیل کر دیا گیا! امتحانات کے بعد موسم گرما کی چھٹیوں کے دوران partition ہو گئی۔

پاکستان کے لئے ہجرت

قادیان میں دن بدن غیر مانوس چہروں کی آمد شروع ہو گئی تھی۔ سڑکوں پر لوگ اور سامان تانگوں، گڈوں پر لدے آ رہے تھے۔ قادیان کے پر سکون ماحول میں ایک غیر مانوس سی بے چینی سرایت کر رہی تھی۔ محلے کی مسجد میں غیر مانوس لوگوں نے بستر لگا لیے تھے۔ ہم بچوں کا باہر نکلنا منع ہو گیا تھا۔ بھائی جان حفیظ امرتسر میڈیکل سکول سے کئی دن سے آئے ہوئے تھے۔ سرِ شام محلے کے لوگ گھروں میں بند ہو جاتے۔ رستے بستے شہروں کی مخصوص ہلکی سی زندگی کی بھنبھناہٹ سرِ شام ماند پڑنے لگی تھی۔ ایک ان جانا خوف و حراس دارالاماں پر اپنا مکروہ سایہ تانے جا رہا تھا۔ ناگہاں، کبھی کبھی شام کو گولیوں کے چلنے کی آوازیں بھی آنے لگی تھیں۔

گھر کے بڑے سارا دن بیٹھے پاکستان جانے کے ذرائع سوچتے رہتے۔ ضعیف والدہ کی بات تھی کہ وہ کیسے، اگر پیدل قافلے کے ساتھ جانا پڑا، اتنا لمبا سفر کر سکیں گی۔ گھر کے سٹور میں بچوں کی ایک بڑی سی pram پڑی تھی۔ اسے نکال کر صاف کیا گیا، جوڑوں میں تیل دیا گیا، منصوبہ یہ تھا اس میں رضائیاں وغیرہ بچھا دی جائیں گی اور والدہ کو بٹھا کر سفر طے کیا جائے گا۔ جب یہ سب کچھ ہو گیا، مجھے ٹسٹنگ کے لیے اس پر بٹھایا گیا تو پتہ چلا یہ بیکار کی کوشش تھی۔ ہم سب پریشان دعائیں کر رہے تھے۔ اباجی افریقہ میں الگ پریشان

تھے۔

بھائی جان منیر ڈیوٹی دینے جاتے شام کو خبریں لاتے۔ بسوں کے ایک دو قافلے جا بھی چکے تھے، ایک صبح ہم بھی تیار ہو کر پہنچے۔ بسیں کھچا کھچ، بھری ہوئی تھیں نفسا نفسی کے عالم میں روانہ ہوئیں۔ ظاہر ہے ہم نو افراد کو کہاں جگہ ملتی! اسی مایوسی میں آخر بڑوں نے سوچا پتہ نہیں ہمارا کیا بننا ہے کم از کم کوئی ایک تو ہم سے بچ جائے، قرعہ میرے نام پڑا، میرے دو تین جوڑے، کچھ روٹیاں ایک بچکی میں باندھ دی گئیں کچھ نقدی میری قمیض میں سی دی گئی، اور کچھ میری جیب میں۔

لاہور میں بھائی نور احمد کے گھر کا پتہ: بیرون موچی گیٹ، برکت علی روڈ، 5 قمر منزل، لاہور، لکھ کر میری جیب میں اور بچکی میں خط کے ساتھ رکھ دیا گیا۔ مجھے ہر ایک نے آنسو بھری آنکھوں سے سسکیاں لیتے اور دعائیں کرتے ہوئے بھائی منیر کے ساتھ روانہ کیا۔ جب ہم تعلیم الاسلام کالج کی گراؤنڈ میں پہنچے، کھچا کھچ بھری چار پانچ بسوں کے گرد ایک اژدھام تھا، ایک طرح کی چیخ و پکار تھی۔ بھائی منیر نے مجھے بازوؤں میں اٹھالیا، اور ایک بس کی کھلی کھڑکی سے اندر دھکیلنے کی کوشش کی، گھبراہٹ سے میں نے رونا شروع کر دیا، دو دفعہ کی کوشش رائیگاں گئی۔ بسیں چلی گئیں اور ہم مایوسی کے عالم میں گھر واپس آ گئے۔

سخت مایوسی تھی، طرح طرح کے منصوبے بنتے اور ٹوٹتے۔ ایک شام جب دروازہ بند کیے مایوسی میں بیٹھے ہوئے تھے، دروازہ کھٹکا، سب ڈر گئے۔ پاس جا کر پوچھا: کون ہے؟ باہر سے خالہ زاد بھائی نور احمد کی آواز تھی: میں نور احمد۔ دروازہ کھولا، سب سے گلے ملے۔ انہوں نے بتایا وہ ایک فوجی ٹرک لیکر ہمیں لینے آئے ہیں، اور صبح سے ہمارے گھر کا پتہ کرتے کرتے اب ہم تک پہنچے ہیں۔ ہم سب نے خدا تعالیٰ کا شکر ادا کیا، کیسے ناامیدی میں امید پیدا کر دی۔ الحمدُللّٰہ

اگلی صبح ہم تیار ہو کر بسوں کی طرف روانہ ہوئے۔ ہمارے ٹرک میں لوگ سوار ہو چکے ہوئے تھے، تل رکھنے کی جگہ نہیں تھی۔ انتظام پر معمور خدام کو بھائی نور احمد اور بھائی منیر نے جا کر بتایا۔ ہمارے لیے جگہ بنائی گئی۔ بے جی بھائی منیر کو بار بار کہتیں اور التجائیں کرتیں رہیں کہ تم بھی ہمارے ساتھ چلو، مگر انہوں نے کہا میری ڈیوٹی ہے میں بعد میں آؤں گا، اور بھیڑ میں گم ہو گئے۔ والدہ مرحومہ دیر تک اداسی سے روتی رہیں۔

ہماری کانوائے میں سات بسیں تھیں، موسم برسات اور ٹریفک کی بھیڑ کی وجہ سے سڑک پر کھڈے پڑے ہوئے تھے، بسیں رینگنے کی رفتار سے چل رہی تھیں۔ جب شام ہوئی اور ہم تقریباً امرتسر شہر میں داخل ہو رہے تھے، کہ ایک بس کا انجن فیل ہو گیا۔ بھائی نور احمد فوج میں موٹر مکینک تھے، کیا کر سکتے تھے، ہر طرف اندھیرا تھا کچھ سجھائی نہیں دیتا تھا، بیٹری مہیا نہیں تھی۔ پتہ کیا گیا کسی کے پاس ماچس ہے، آخر ایک سگرٹ نوش کام آئے۔ ماچس کی تیلیاں جلا جلا کر تاریں جوڑیں اور بس سٹارٹ ہو گئی۔ سب نے شکر ادا کیا۔

بھائی جان حفیظ پہلے لاہور پہنچ چکے تھے اور کرشن نگر میں ایک گھر آلاٹ کروالیا ہوا تھا، اور بازار میں ایک ہومیو پیتھک کی دکان بھی انہیں مل گئی تھی۔ بھائی جان ہومیو پیتھک کی چھوٹی چھوٹی بوتلیں لے کر آتے ہم انہیں صاف کرتے جاتے اور لنڈے بازار میں بیچ کر کچھ نقدی مل جاتی۔ افراتفری کا زمانہ تھا۔ بے جی (والدہ) نے کچھ نقدی بچا کر رکھی تھی جس سے گزارا ہو رہا تھا۔ ہم لاہور میں ٹھہر کر بھائی منیر کے قادیان سے پہنچنے کا انتظار کر رہے تھے۔

ناگہاں دفتر سے بھائی کی شہادت کی اطلاع ملی۔ تفصیل کے

مطابق بھائی جان سکھ حملہ آوروں کا مقابلہ اباجی کی دونالی بندوق سے کرتے رہے، آخر کار حملہ آور رات کے اندھیرے میں پیچھے سے گھر کے دیوار پھاند کر آئے اور انہیں پیٹ میں چھرا گھونپ کر شہید کر دیا۔ جب خدام صبح پتہ کرنے گئے تو بھائی صحن کے درمیان چت پڑے تھے اور انتڑیاں باہر پھیلی ہوئیں تھیں۔ اناللہ وانا الیہ اجعون۔ بے جی اور بڑوں کی غم سے بری حالت تھی۔

اب ہمارا لاہور میں ٹھہرنے کا کوئی جواز نہیں تھا۔ بسوں میں بڑی بھیڑ تھی، چنانچے ہم نے ایک گڈے والے سے بات کی، اس نے چکسان پہچانے کی حامی تین سو روپے میں بھر لی۔ ہم اور ہمارا جو بھی اثاثہ تھا، گڈے پر لد گئے۔ اور آہستہ آہستہ منزلِ مقصود کی طرف بڑھنا شروع ہوئے۔ مجھے شاہدرہ گوجرانوالہ کی سڑک ابھی تک یاد ہے جس کی جانبین میں کھجور کے درخت تھے۔ میں نے پہلے کبھی کھجور کا درخت نہیں دیکھا تھا۔ رستے میں جب بیل آرام اور چارے کے لیئے رکتے ہم بھی اُتر کر گھاس وغیرہ پر کھیس بچھا کر آرام کر لیتے۔ ہماری سواری رات بھر چلتی رہتی۔ آخر کار سو میل کا یہ سفر اللہ اللہ کر کے چوتھے دن ختم ہوا اور ہم اپنے گاؤں پہنچ گئے۔

دادی جان اور گاؤں کے لوگوں کو اپنا منتظر پایا۔ دادی جان ہمیں دیکھ کر بہت خوش ہوئیں۔ ہم اپنے آبائی گھر میں خوب دوڑے پھرے۔ بے سروسامانی کی حالت تھی، بھائی منیر کی شہادت سے سب نڈھال تھے، بے جی کا برا حال تھا، ہر وقت دروازے کی طرف نظریں ٹکائے رکھتیں، کہ منیر اب آیا کہ اب آیا۔

اباجی کی آمد

گھریلو حالات سے آگاہ ہوتے ہی اباجی early retirement لیکر 1948 کے شروع میں افریقہ سے گاؤں پہنچ گئے۔ اور گھر کے حالات کو سنبھالا دیا۔ مجھے تین میل دور گاؤں کوٹ سعد اللہ میں پرائمری سکول میں داخل کرادیا گیا۔ ہمارے احمدی ہونے کی خبر سب جگہ پہنچ چکی تھی۔ جب اباجی مجھے سکول میں داخل کروانے گئے، اہل حدیث ہیڈ ماسٹر مولوی فیروز اباجی سے مذہبی بحث میں الجھ گیا۔ خیر اس دن تو بات آئی گئی ہو گئی۔ اگلے دن بہانہ بنا کر میری مکوں اور تھپڑوں سے خوب پٹائی کر دی۔ میں نے گھر میں اس کے بارے میں کسی کو نہیں بتایا۔

اباجی نے چک سان سے تین میل دور قصبے گکھڑ منڈی کے میں بازار میں "قریشی میڈیکل ہال" کے نام سے شفاخانہ کھول لیا۔ اباجی ہر روز صبح صبح تین میل سوئے (چھوٹی نہر) کے ساتھ ساتھ کچے راستے پر سائیکل پر گکھڑ جاتے اور شام واپس آتے۔ اب میں حیران ہوتا ہوں اباجی کے ہمت پر۔ اباجی کے دونوں گھٹنوں میں arthritis کی وجہ سے سخت درد تھی، جسم بھاری تھا۔ یہ سب سختی آپ نے میرے پانچویں کے امتحان تک برداشت کی۔ گھر میں مجھے اور دوسرے بچوں کو اردو، انگریزی کے ساتھ ساتھ حضرت مسیحِ موعود علیہ السلام کی کتب کا درس دیتے، ظہر عصر کی نماز کے بعد ہم اپنا اپنا قرآنِ کریم لے کر بیٹھ جاتے، اور ایک ایک رکوع پڑھتے، اباجی ترجمہ پڑھتے اور ہم دہراتے جاتے۔ اباجی کی اس مہربانی کے باعث ابتک ہم بہن بھائیوں کو خدا تعالیٰ کے فضل سے قرآنِ کریم کا ترجمہ سمجھنے میں الاماشااللہ کبھی کوئی مشکل پیش نہیں آئی، الحمد للہ

وقفِ زندگی

میرے پرائمری کا امتحان پاس کرتے ہی ہم قصبے گکھڑ منڈی میں منتقل ہو گئے۔ میں ڈسٹرک بورڈ ہائی سکول (ڈی۔بی ہائی سکول) کی چھٹی جماعت میں داخل ہو گیا۔ میں آٹھویں جماعت کا طالب علم

تھا، جب 1954-55ء کے لگ بھگ حضرت مصلح موعودؓ نے وقفِ زندگی کے موضوع پر مسلسل کچھ خطبات دیئے۔ ان خطبات سے متاثر ہو کر ایک روز اباجی نے مجھے بلا کر کہا "تم نے حضرت صاحب کے خطبات سنے ہیں۔ اللہ نے مجھے چار بیٹے دیے ہیں۔ میری خواہش ہے کہ میں اپنے دو بیٹے اللہ کے رستے میں وقف کروں، دو دنیاداری میں پڑے ہوئے ہیں۔ پہلے منیر وقف تھا شہید ہو کر اللہ کے پاس ہے۔ اب تم سب سے چھوٹے ہو تم خدا کی راہ میں زندگی وقف کر دو، تاکہ میری زندگی کے دونوں پلڑے یکساں ہو جائیں"۔ میرا ہاں میں جواب سن کر اباجی بہت خوش ہوئے، اور حضرت امام جماعت احمدیہ الثانیؓ کی خدمت میں وقف کی منظوری کے لیے عریضہ لکھ دیا۔

حضرت صاحب نے ایک خطبے میں ذکر فرمایا کہ "وقفِ زندگی کی تحریک کے جواب میں جو درخواستیں آئی ہیں ان میں سے ایک تو ابھی بہت چھوٹے ہیں"۔ شاید حضور کا یہ اشارہ میری طرف تھا۔ کچھ دنوں میں دفتر تبشیر سے اباجی کے نام ہدایت آئی، کہ حضور نے وقف منظور فرمالیا ہے۔ میٹرک کے بعد بچے کو جامعہ میں داخل کرائیں۔

اسی زمانے میں میں نظامِ وصیت میں بھی شامل ہو گیا۔ الحمدُللہ

جامعہ کی بجائے کالج میں داخلہ

میٹرک پاس کرنے کے بعد اباجی مجھے لیکر جامعہ احمدیہ میں داخلہ دلانے ربوہ پہنچے۔ جولائی کا مہینہ اور بدھ کا دن تھا، ربوہ میں سخت گرمی تھی، تانگے پر سیدھے جامعہ میں پہنچے، جامعہ میں سالانہ کھیلوں کے بعد دو چھٹیاں تھیں۔ اباجی کی طبیعت میں کسی قدر سختی اور جوش تھا۔ جامعہ کو بند پا کر جامعہ کے پرنسپل حضرت مولانا ابو العطاصاحب جالندھری کے کوارٹر تحریک جدید پہنچے۔ حضرت مولوی صاحب سے ملاقات کے وقت بے تکلفی سے کہا: "مولوی صاحب! لو جی قربانی کا بکرا لے آیا ہوں۔ اسے جہاں چاہیں باندھیں، مجھے بہت گرمی لگ رہی ہے میں تو واپس چلا۔"

حضرت مولوی صاحب نے فرمایا کہ جامعہ میں تو چھٹی ہے۔ آپ ٹھہریں، دو دن کے بعد جامعہ آجائیں۔ والدِ محترم نے فرمایا: "سخت گرمی ہے میں یہاں زیادہ رک نہیں سکتا۔ حضرت مولانا نے فرمایا: "تو پھر اسے کالج میں داخل کروا دیں وہاں سے ڈاکٹر بن کر یا ایم اے کر کے سلسلے کی خدمت کر سکتا ہے"۔ چنانچہ اس طرح میں کالج میں فرسٹ ائیر پری میڈیکل میں داخل ہوا۔ میری ریاضی میں کمزوری آڑے آئی، ایف ایس سی میں اتنے نمبر نہ آئے کہ میڈیکل کالج میں داخلہ مل سکتا، فزکس اور کیمسٹری میں حسابی سوالات کے باعث میرے نمبر کم رہے۔

بی ایس سی میں اسلامیہ کالج سول لائنز میں داخلہ لیا، جہاں کریسنٹ ہوسٹل میں رہا، باٹنی، زوالوجی اور انگریزی کے مضامین تھے۔ زوالوجی میں اول رہا اور بی ایس سی میں فرسٹ کلاس حاصل کی، کالج کا میڈل اور رول آف آنر ملا۔

گولڈ میڈل اور ٹی آئی کالج سے وابستگی

پنجاب یونی ورسٹی میں ایم ایس سی زوالوجی میں داخلہ لیا۔ 1963ء کے سالانہ امتحان میں فرسٹ کلاس فرسٹ کی پوزیشن حاصل کی اور Sir William Roberts Gold Medal حاصل کیا۔ اباجی نے فوراً حضرت صاحب کی خدمت میں تحریراً عرض کر دیا۔ حضرت مرزا ناصر احمد صاحب پرنسپل سے جواب آیا کہ ٹی آئی کالج جائن کریں۔ میں نے موسم گرما کی تعطیلات کے بعد ستمبر 1963 میں تعلیم اسلام کالج ربوہ لیکچرر بیالوجی کی حیثیت سے جائن کیا۔ الحمدُللہ۔ چھتیس (36) سالہ خدمت کے بعد ساٹھ سال کی عمر میں

11 ستمبر 1999 کے دن کالج سے ریٹائر ہوا۔ الحمدُللہ

ایک دعا کی درخواست

آخر میں میں اپنے بیالوجی کے استاد پروفیسر ڈاکٹر نصیر احمد بشیر صاحب مرحوم کے لیے درخواستِ دعا کرنا چاہتا ہوں۔ موصوف تعلیم الاسلام کالج لاہور میں طالبعلم رہے اور 1956 میں پنجاب یونیورسٹی کے ایم ایس سی ذوو الوجی میں گولڈ میڈیلسٹ تھے۔ آپ 1957 میں تعلیم الاسلام کالج ربوہ میں میرے استاد تھے۔ 1965 میں اتفاقاً مسجد اقصیٰ ربوہ میں جمعہ کے دن موصوف سے ملاقات ہوئی۔ تعارف ہوا، خوش ہوئے کہ میں انکی جگہ پر کالج میں ڈیوٹی دے رہا ہوں۔ آپ امریکہ اعلیٰ تعلیم کے لیے گئے تھے۔ اور غیر از جماعت افراد کی سخت مخالفت میں فیصل آباد میڈیکل کالج میں فزیالوجی کے پروفیسر رہے۔ آپ نے ہمیں بہت محنت سے پڑھایا تھا۔ آپ کچھ عرصہ بیمار رہ کر وفات پا گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ احباب سے مرحوم کی بلندیٔ درجات کے لیے دعا کی درخواست ہے۔

☆☆☆

گورنمنٹ تعلیم الاسلام کالج چناب نگر (ربوہ) کی نئی عمارت

"میں پیدائشی پاکستانی تھا اور پاکستانی کی حیثیت میں دنیا سے جاؤں گا"

ڈاکٹر عبد السلام اور چین

تحریر: پروفیسر ڈاکٹر پرویز ہود بھائی
ترجمہ: زکریا ورک

پاکستان کے اساطیری نظری طبیعات دان عبد السلام میں پبلک کی دل چسپی پوری دنیا میں نیٹ فلکس پر ریلیز ہونے والی ڈاکومنٹری "سلام، دی فرسٹ ۔۔۔نوبل لارئیٹ" میں مؤجزن ہوئی ہے۔ اگرچہ ڈاکومنٹری ان کے سائنسی کارناموں پر تفصیل سے روشنی ڈالتی ہے، بلکہ ان کی ذاتی تلخیوں پر اس سے بھی زیادہ، مگر اس میں بڑی خامی یہ ہے کہ ان کے چین مشنز کو بالکل نظر انداز کر دیا گیا ہے۔ اس خامی کے لئے فلم بنانے والوں کو مورد الزام قرار نہیں دیا جا سکتا۔ عبد السلام کی زندگی کا یہ پہلو عام طور پر پردہ اخفا میں رہا حتی کہ ان کے رفقائے کار سے بھی جو ان سے بہت اچھی طرح شناسا تھے۔

تاہم دو چینی سائنسدانوں جنگ ہان سن Jinghan Sun اور ایگز آو ڈانگ ین Xiaodong Yin نے اس مخفی پہلو سے پردہ اٹھایا ہے۔ ان کا مقالہ عبد السلام اینڈ چائنا: چین کی سائنسی ڈیویلپمنٹ پر سلام کا انفلوئینس ان کی چھ چین یاترا پر ایک نگاہ۔ بیجنگ سے مارچ 2019 میں ایک چینی زبان کے رسالے میں منظر عام پر آیا ہے۔ اس مقالے کی بنیاد ان اجلاسوں کی کاروائی کی رپورٹیں ہیں جو چائینز اکیڈیمی آف سائنسز میں منعقد ہوئی تھیں۔ میرے چینی طبیعات دان دوستوں نے اس کے کچھ حصوں کا انگلش میں ترجمہ کیا ہے جس کی تفصیل پیش کی جاتی ہے۔

ان دو چینی سائنسدانوں کے مقالے سے یہ پتہ چلتا کہ سلام نے پاکستان کے جوہری ہتھیاروں کے حاصل کرنے کے لیے چین کی مدد حاصل کرنے کی کوشش کی تھی۔ یہ امر کسی حد تک اس سوال کا جواب حاصل کرنے میں مدد کرتا: پاکستان کے بمب پروجیکٹ میں سلام کا کیا کردار تھا۔؟ سلام کے اعداء کا کہنا ہے کہ انہوں نے کوئی رول ادا نہیں کیا تھا جبکہ کچھ لوگ کہتے کہ

انہوں نے پاکستان کے نیوکلئیر راز امریکہ، اسرائیل اور بھارت کو دے دیے تھے۔ اس کے برعکس ان کے مداحوں کا کہنا ہے کہ سلام امن پسند انسان تھے جو جوہری ہتھیار کبھی بھی حاصل نہیں کرنا چاہتے تھے۔

تو پھر کس بات میں صداقت ہے۔؟

حقائق اب طشت از بام ہو کر ہمارے سامنے ہیں۔

پروفیسر سلام 1950 کی دہائی میں اکیڈیمک سپرسٹار بن چکے تھے۔ وہ چھ دفعہ چین گئے اور چین کے اعلیٰ افسران سے ملاقاتیں کیں۔ پہلی بار وہ چین 1958 میں گئے جب وہ صدر ایوب خاں کے ہمراہ سائنسی مشیر کے طور پر گئے تھے اور وزیر اعظم ژاؤ این لائی سے تنہا شرف ملاقات حاصل کیا تھا۔ دونوں کے درمیان پرجوش ذاتی تعلق قائم ہو گیا۔ پھر وزیر اعظم ژاؤ این لائی کی دعوت پر 1959 میں سلام چین ایک کانفرنس میں شرکت کے لئے گئے۔ اس وقت تک چین نیوکلئیر پاور نہیں بنا تھا اور صدر ایوب خاں کو جوہری ہتھیاروں میں کوئی دلچسپی نہیں تھی۔

حالات میں زبردست تبدیلی مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے بعد 16 دسمبر 1971 کو آئی۔ اس کے محض چھ ہفتوں بعد صدر پاکستان ذوالفقار علی بھٹو نے 20 جنوری 1972 کو ملتان میں پاکستانی سائنسدانوں کی میٹنگ کا اہتمام کیا۔ جذباتی بھٹو نے ان سائنسدانوں کو تلقین کی کہ وہ ایٹم بم بنائیں، اس خواہش کا اظہار اس نے پہلی بار 1965 میں کیا تھا۔ سلام بھی اس وقت وہاں موجود تھے اور اظہار خیال کیا تھا۔

سن اور ین Sun-Yin کی رپورٹ سے پتہ چلتا ہے کہ اس کے بعد بھٹو نے سلام کو 1972 میں چین بھیجا تا جوہری ہتھیاروں کی ٹیکنالوجی حاصل کرنے میں چین کا تعاون حاصل کیا جاسکے۔ رپورٹ کے صفحہ 120 پر مصنفین رقم طراز ہیں کہ سلام نے اپنی تیسری وزٹ کو غیر معمولی وزٹ not an ordinary visit قرار دیا تھا۔ وزیر اعظم ژاؤ سے 5 ستمبر 1972 کی شام کو ہونے والی میٹنگ میں سلام نے نیوکلئیر تعاون کی درخواست خدمت گزار کی۔

وزیر اعظم کا جواب مدبرانہ تھا: ”چائینیز اکیڈیمی آف سائنسز نے اس پر بڑی احتیاط سے غور و فکر کرنا ہے اور اس کے مطابق تیاریاں کرنی ہیں۔ ہم تمہارے یہاں تجربے اور ٹیکنالوجی کیلئے چند افراد بھیج دیں گے“۔ یہ بات صاف نہیں کہ آیا مصنفین اپنی رائے کا اظہار کر رہے ہیں جب وہ لکھتے ہیں:

”سلام اپنا مقصد حاصل نہیں کر سکے، اگرچہ چائنا ان کے ساتھ روادار تو تھا مگر اس کے ساتھ حد درجہ محتاط بھی“۔

لیکن حال ہی میں شائع ہونیوالے ایک اور مضمون جو امریکہ کی کارنیل یونیورسٹی کے ڈاکٹر ینگ ینگ چینگ Dr. Yangyang Cheng نے ضبط تحریر میں لایا ہے اس کے مطابق سلام کی چین وزٹ کے دو مہینے بعد ایک چائنیز ٹیم جس کے سربراہ جیانگ شین جی Jiang Shenjie تھا اس ٹیم نے کانوپ (KANUPP کراچی نیوکلئیر پاور پلانٹ) جو کینیڈین حکومت نے تحفہ میں دیا تھا، اس کی افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔ جیانگ پیشہ کے لحاظ سے کیمسٹ اور نیوکلئیر انجنئیر تھا جس نے چین کے جوہری ہتھیاروں کے پروگرام میں بنیادی رول ادا کیا تھا، نیز وہ بیجنگ کے اٹامک انرجی انسٹی ٹیوٹ کا ڈپٹی ڈائریکٹر تھا۔

سلام نے بم پراجیکٹ کی ذمہ داری تو قبول کر لی لیکن انہوں نے بم ڈیزائن کی تفصیل میں شرکت نہیں کی۔ نیوکلئیر ایمپلوژن اب فرسودہ ہو چکا تھا اور وہ بڑے بڑے اہم ترین کاموں میں مصروف تھے۔ چنانچہ انہوں نے ستمبر 1972 میں اپنے سابق شاگرد رشید ڈاکٹر ریاض الدین (وفات 2013) کو ٹریسٹ (اٹلی) میں بم ڈیزائن کے لئے اپنے آفس میں مدعو کیا۔ ریاض الدین میرے سینئیر رفیق کار نے قائد اعظم یونیورسٹی اسلام آباد میں فزکس ڈیپارٹمنٹ کی داغ بیل رکھی تھی اور ذہنی استعداد کے مطابق وہ اس کام کیلئے بالکل موزوں شخص تھے۔

سلام نے ریاض الدین کو ہدایت کی کہ وہ نیوکلئیر امپلوژن کی فزکس کا درک حاصل کرنے کے لئے تھیوری ٹیشنز کا گروپ تشکیل دے۔ پاکستان اٹامک انرجی کمیشن کے چئیرمین منیر احمد خاں جس کے ساتھ سلام کے دوستانہ مراسم تھے، نے اس سمجھوتے کی منظوری دے دی۔ ریاض الدین جس کو عزت و وقار کا حامل تمغہ ہلال پاکستان 1998 کے نیوکلئیر ٹیسٹ کے بعد تفویض کیا گیا تھا اس نے فرض سمجھتے ہوئے حکم کی اطاعت کی۔ یہ سارا کام کس طرح رنگ میں پایہ تکمیل کو پہنچا، وہ ریاض الدین کی سوانح میں دیکھا جاسکتا ہے

جو عنقریب منصہ شہود پر آنے والی ہے۔

سوال پیدا ہوتا ہے کیا ریاض الدین گروپ کا معلوماتی ذخیرہ اس ضمن میں اہم تھا؟ امریکنوں کا کہنا تھا کہ پاکستان کے پاس جوہری ہتھیاروں کے اس ٹیسٹ کے تفصیلی بلیو پرنٹ تھے جو چین نے 1960 میں کیا تھا۔ ان بلیو پرنٹس کا ایک پلندہ بحری جہاز BBC Cargo سے ضبط کیا گیا تھا جو لیبیا کی جانب روانہ تھا۔ مزید جوہری مواد جو ڈاکٹر عبدالقدیر خاں نے بیچا تھا وہ بھی پکڑا گیا تھا۔ اس کے بعد صدر پاکستان جنرل پرویز مشرف نے ڈاکٹر عبدالقدیر خاں کو حکم دیا تھا کہ وہ پی ٹی وی پر آکر اظہار ندامت کریں۔

بالفرض محال پاکستان کے پاس بلیو پرنٹس ہوتے تب بھی وہ بالکل

مترجم ڈاکٹر سلام کے ساتھ

بے سود تھے جب تک کہ بم بنانے میں کارفرما تھیوریٹیکل پرنسپلز کی سوجھ بوجھ نہ ہو۔ لیبیا کے پاس یہی بلیو پرنٹس تھے مگر وہ کچھ نہ کر سکے۔ پاکستان کے لئے فزکس کے علم کے ساتھ ڈیزائن ٹمپلیٹ کے ہونے سے مزعومہ کام سہل ہو گیا۔ یوں کسی ایٹم بم کی طاقت میں کمی بیشی کرنا قدرے آسان ہو گیا اور اس کے ساتھ ساتھ بموں کے ڈیزائن میں ردوبدل کرنے کی صلاحیت حاصل کرنا بھی ممکن ہو گیا۔

یہ بات کہ سلام نے جوہری راز دوسرے ملکوں کو فریب سے فروخت کر دئے سراسر بے بنیاد جھوٹ ہے ان لوگوں کا ساختہ جھوٹ جو خود ان کالے کرتوتوں میں ملوث تھے اور اس کے بعد ان کا کچا چھٹا کھل گیا۔ سلام بم کے ڈویلپمنٹ کام میں شامل نہیں تھے ماسوا عمومی طور پر نیز وہ ٹیکنیکل رازوں سے قطعی طور پر بے بہرہ تھے۔

تاہم سلام کے لئے بہت بڑا ذہنی صدمہ آنیوالا تھا۔ 1974 نے ان کی زندگی کو اتھل پتھل کر دیا۔ سلام غم سے نڈھال ہو گئے جب بھٹو کی حکومت نے ان کی احمدیہ کمیونٹی کو نان مسلم قرار دے دیا۔ اس سے قبل احمدی ہونے کے ساتھ پاکستانی قوم پرست ہونا ممکن تھا۔ اگرچہ سلام نے شجاعت کے ساتھ احمدی اور قوم پرست ہونے کی کوشش کی مگر اٹامک بم کی طرف ان کا رجحان رفتہ رفتہ تبدیل ہوتا گیا۔ بالآخر کار انہوں نے اٹامک بم کو انسانیت کی بقاء کے لئے خطرہ جان لیا۔

اختتامیہ

میری زندگی کے بے شمار چھوٹے یا بڑے تاسفات میں سے ایک یہ ہے کہ میں کبھی جرات نہ کر سکا کہ سلام کے ساتھ بم کے مسئلے پر گفت وشنید کروں۔ 1984 سے لے کر ان کی وفات سے دو یا تین ماہ قبل 1996 تک انہوں نے اور میں نے گوناگوں مسائل جیسے سوشل، پولیٹیکل اور سائنٹفک پر بحث کی، لیکن اس موضوع پر کبھی نہیں۔ کیا ان کو اپنی گزشتہ کوششوں پر کوئی تاسف تھا؟ ان کو یہ معلوم تھا کہ میں نے جوہری ہتھیاروں کے خلاف اکثر لکھا اور بولا ہے (بشمول پاکستان کے)۔ اگرچہ مجھے شک ہے کہ سلام کے احساسات میں تبدیلی آگئی تھی مگر میں نے خود کو جونئیر سمجھا کہ یہ سوال ان کے گزارش کروں۔

(بہ شکریہ روزنامہ ڈان 30 نومبر 2019)

https://www.dawn.com/news/1519654/abdus-salam-in-china

ایک عہد ساز وجود جو اپنا عہد نبھا گیا
ڈاکٹر صلاح الدین مرحوم

امتیاز احمد راجیکی

صدمہ اور صبر کا ادغام ایک ایسی حقیقت ہے جس کا صحیح معنوں میں ادراک اسی وقت ہوتا ہے جب وہ وارد ہو اور فی ذاتہٖ اس تجربے میں سے گزرنا پڑے۔

10 ستمبر 2017 کی سہ پہر شاید زندگی کے ایسے ہی ایک تجربے کی انتہا تھی جب میرے بیٹے منور راجیکی کی رندھی اور سسکتی ہوئی آواز میں پیغام ملا کہ ڈاکٹر صلاح الدین کا انتقال ہو گیا ہے۔ ابتدأً تو یہی سمجھ میں آیا کہ وفات گر جانے کے باعث ہوئی ہے، لیکن اُس وقت کسے ہوش تھا کہ اسباب و وجوہات کی کرید کی جائے۔ فوری طور پر کام سے چھٹی کی اور بھاگم بھاگ گھر پہنچا۔ منور بھی بے قرار تھا کہ اپنے استاد، محسن اور مربّی کے آخری دیدار اور رسومات میں شامل ہو سکے، مگر ایک بہت ہی اہم فریضہ اس تمنا کی راہ میں حائل ہو گیا۔

طوفانِ باد و باراں "ارما" (Hurricane "Irma") نے ایک مہیب عفریت کی طرح پہلے جزائر غرب الہند اور کیوبا کو مسمار کیا، پھر امریکہ کی ساحلی ریاست فلوریڈا کے جنوبی اور مغربی علاقوں کو روندتا ہوا شمال اور مشرق کی طرف بڑھ رہا تھا۔ ایسے ناگہانی مواقع پر قدرتی آفات و مصائب سے نبرد آزما ہونے کے لیے جماعت احمدیہ کی امدادی و اعانتی تنظیم "ہیومینیٹی فرسٹ" (Humanity First) ہمیشہ پیش پیش ہوتی ہے۔ اس ادارے کے جنوب مشرقی زون کے رضاکار ناظمِ اعلیٰ کے طور پر منور کے کاندھوں پر بڑی بھاری

ذمہ داری تھی۔ امدادی کارروائیوں کے سارے بندوبست اسی کے سپرد تھے۔ خصوصیت سے طوفان گزرنے کے بعد ایک مشکل اور صبر آزما دور سے گزرنا تھا جس میں اپنی رہائش گاہ پر ایک عارضی کیمپ کا قیام اور ملک بھر سے آنے والے رضاکاروں (volunteers) کے قیام و طعام کے انتظامات بھی شامل تھے۔ یہ ایک ایسا امتحان تھا جو اس کے وجود کو کچلے جا رہا تھا——لیکن بحمد للہ وہ اس آزمائش میں سرخرو ہوا کہ فرض کی ادائیگی پر محبت و جذبات کو قربان کرنے کی سعادت پائی۔

——

مگر وہ شخص جس نے ہماری خدمت میں ساری زندگی صَرف کر دی اس کی آخری خدمت سے محروم ہونے کے لیے میرے پاس کوئی جواز اور عذر نہیں تھا——طوفانِ بلا کے باعث فلوریڈا کے تمام ایئر پورٹ بند تھے اور ساری فلائیٹیں ملتوی ہو چکی تھیں۔ میرے لیے اس کے سوا کوئی چارہ نہیں تھا کہ اکیلے ہی گاڑی دباؤں اور اس سے پہلے کہ طوفان سارے راستے مسدود کر دے شمالی ریاست پنسلوینیا کا رخ کروں۔ اگر مَیں صبح ہونے کا انتظار کرتا تو شدید خطرہ تھا کہ اگلے کئی دنوں کے لیے وہیں پر منجمد ہو جاتا اور کہیں بھی ہلنے نہ پاتا۔ چنانچہ ساڑھے چار بجے عصر کے وقت مَیں کار میں تھا۔ اس عرصے میں مسلسل بارش اور تیز جھکڑ شروع ہو چکے تھے مگر ان میں اتنی تندی نہیں تھی کہ سڑکیں بند کر دی جاتیں۔ ٹریفک بھی نہ ہونے کے برابر تھی؛ کیونکہ قریباً ستّر لاکھ افراد ایک روز پہلے تک جبری بے دخلی (compulsory evacuation) کے تحت نقل مکانی کر چکے تھے۔ البتہ فلوریڈا کی سمت امدادی کاروانوں (rescue fleets) کے سلسلے شمالی ریاستوں بلکہ کینیڈا تک سے تھوڑے تھوڑے وقفوں سے جتھوں کی صورت میں مسلسل مدد کے لیے چلے آ رہے تھے۔

بذریعہ کار میرا یہ سفر بارہ سے چودہ گھنٹے کا تھا۔ مَیں نے احتیاطاً ریسرچ ٹرائینگل پارک (RTP) کے صدر جماعت عزیزم عبد الہادی احمد کو فون کر دیا تھا کہ شاید رات کو مجھے ان کی مسجد میں ٹھہرنا پڑے۔ عزیز موصوف کہنے لگے: "انکل، آپ میری طرف ٹھہریں گے۔" انہوں نے اپنے گھر کا ایڈریس بھی ٹیکسٹ کر دیا۔ جب مَیں ان کے گھر سے آدھے راستے پر پہنچا تو مَیں نے حساب لگانا شروع کر دیا کہ اگر مَیں اس طرف گیا تو مجھے دو گھنٹے کا اضافی سفر کرنا پڑے گا؛ کیونکہ ان کی رہائش گاہ کیری (Cary) میں تھی جو انٹر سٹیٹ ہائی وے 95 سے کافی فاصلے پر تھی۔ چنانچہ مَیں نے ہادی کو فون کیا کہ مَیں سیدھا "میری لینڈ" جانے کا پروگرام بنا رہا ہوں۔ اگر ضرورت پڑی تو راستے میں کہیں رک جاؤں گا۔

"نہیں راجیکی صاحب، آپ لازماً میری طرف آئیں گے۔ رات کو اتنا لمبا سفر نہیں کریں۔ مَیں آپ کا انتظار کر رہا ہوں۔"

عزیزم ہادی احمد جو تقریباً میرے بیٹے کے ہم عمر ہیں، بہت ہی شاندار نوجوان ہیں۔ ان کی ایک بات بڑی عجیب اور پیاری لگتی ہے۔ جب وہ میرے ساتھ بے تکلف پرائیویٹ گفتگو کرتے ہیں تو انکل کہتے ہیں اور جب بحیثیت معاون صدر انصاراللہ یا (سابق) افسر جلسہ سالانہ کے طور پر جماعتی گفتگو کرنی ہوتی ہے تو راجیکی صاحب کہتے ہیں۔

میرے لیے اب کوئی چارہ نہیں تھا کہ مَیں ان کی پیشکش قبول نہ کروں۔ اور یہ اس لحاظ سے ایک سنگِ میل بھی ثابت ہوا کہ ان کی بیوی، جو "شاہین" والے برادرم عزیزم عبد السلام کی بیٹی اور ہمارے لنگر کے ذیشان کی بہن ہے، کو ایک خوبصورت گھر میں خوش و خرم حالت میں دیکھا۔ مجھے یہی علم تھا کہ ہادی کی تین بیٹیاں ہیں۔ مَیں ان کے گھر تہجد میں دعا بھی کرتا رہا کہ اللہ تعالیٰ انہیں خوبصورت و خوب سیرت دینی دنیاوی، مادی روحانی ترقیات کا حامل خادمِ دین بیٹا بھی عطا فرمائے۔ اللہ تعالیٰ کو پہلے ہی سے علم تھا کہ اس کا ایک عاجز بندہ اس کے حضور اس سلسلے میں التجا کرتا رہتا ہے۔ اس نے مجھے اس مسرت اور اظہارِ تشکر سے نوازا جب عزیزی ہادی نے بتایا کہ ان کا پانچ سالہ بیٹا بھی سکول گیا ہوا ہے۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک۔

سوموار کی صبح دوبارہ سفر شروع کیا اور مزید چھ گھنٹے گزارنے کے بعد صلاح الدین کے گھر "چیمبرزبرگ" (Chambersburg) پنسلوینیا سٹیٹ میں پہنچا۔ لان میں ایک ٹینٹ لگا دیا گیا تھا اور دور دور سے بیسیوں سوگوار تعزیت کے لیے موجود تھے جن میں سے اکثریت ہمارے ساتھ لنگر میں کام کرنے والے ورکرز کی تھی۔ اپنے محبوب قائد، محسن استاد اور بے تکلف ساتھی کی جدائی پر دل غم زدہ اور آنکھیں اشکبار تھیں مگر اللہ تعالیٰ کی رضا پر سب راضی تھے۔ اس کی بہنیں غم کی اتھاہ گہرائیوں میں ڈوبے ہونے کے باوجود صبر و استقامت کا پہاڑ دکھائی دے رہی تھیں۔ کوئی واویلا تھا نہ آہ و فغاں۔ اک سکوت تھا، سکون تھا اور دعا ہی دعا——

مَیں نے جب بہنوں سے تعزیت کی تو بڑی آپا جان نے بڑے حوصلے اور صبر سے کہا: "صلاح الدین تمہارا بڑے پیار سے ذکر کیا کرتا تھا۔ لنگر پر جو تم نے مضمون لکھا تھا، اس نے مجھے دکھایا تھا۔"

—— لیکن جو مضمون اس کی وفات کے بعد لکھ رہا ہوں، وہ تو

یہاں کسی کو نہ دکھا سکے گا، مگر کیا معلوم خدا تعالیٰ اسے جنت میں دکھا دے کہ اس کی خدمتوں اور محبتوں کی قدر کرنے والے کتنے بے شمار وجود ہیں جو اس کے احسانوں سے صدقہ جاریہ کی طرح فیض پا کر ہمیشہ ان خوبصورت یادوں کو دل میں بسائے ہوئے ہیں۔

صلاح الدین کا جسدِ خاکی ہسپتال سے تجہیز خانہ (funeral home) منتقل ہو چکا تھا؛ تاہم غسل کا پروگرام اگلے روز منگل کو تھا۔ مَیں نے سکون ہی سکون تھا۔ سکوت ہی سکوت تھا۔۔۔۔۔۔

مَیں نے سب سے پہلے آگے بڑھ کر اس کی ٹھنڈی پیشانی کو بوسہ دیا۔ شبنم کی ہلکی سی "ترولی" اس خنکی کو اور ٹھنڈا کیے جا رہی تھی۔ نیم بھینچی ہوئی مٹھیاں گویا ابھی بھی لنگر کی کسی دیگ میں چلانے والے کڑچھے کو تھامے ہوئے تھیں۔ پاؤں میں پڑے ہوئے گہرے گٹھے امتدادِ زمانہ کی ہر منزل کی نشان دہی کر رہے تھے۔ اس کی انتھک محنتوں اور بے پایاں کاوشوں کا پتا دے

درخواست کی کہ میرا انتظار کریں۔ مَیں خود اپنے ہاتھ سے اپنے بھائی کی آخری خدمت کرنا چاہتا ہوں۔

اگلے روز جب تمام عزیز اکٹھے ہو گئے تو ہم سب فیونرل ہوم پہنچ گئے ۔۔۔۔۔۔اور پہلی بار دیکھا کہ وہ وجود جو کبھی خاموش نہ بیٹھتا تھا، تھکن سے چور ہو تب بھی شکایت نہ کرتا تھا، آج چپ چاپ ایک تخت پر پڑا تھا؛ جیسے ایک معصوم بچہ ماں کی آغوش میں سکون کی نیند سو رہا ہو۔ اس کا سرخ و سپید جھریوں سے پاک خوبصورت اور شفاف چہرہ ایک سکون، طمانیت اور مطمئن نفس کا عکاس تھا۔ آج اس پر کوئی تناؤ تھا نہ ہیجان۔ کوئی ولولہ تھا نہ جوش۔۔۔۔۔۔ رہے تھے۔ تاریک وادیوں اور مہیب گھاٹیوں کی صحرانوردی کے عکاس تھے۔

عزیزوں دوستوں کے اس سارے گروہ میں وسیم ملک اور اکرم خالد کے علاوہ شاید کسی اور کو غسل میت کا زیادہ تجربہ نہیں تھا؛ لہٰذا ان دونوں نے کفن کے کپڑے کو ترتیب دینا شروع کیا اور مَیں نے اپنے ہاتھ سے اپنے سب سے زیادہ پیارے دوست اور بھائی کو غسل دینا شروع کیا اور نو آموز عزیزوں کو غسل کا طریق سمجھنے اور اس میں شامل ہونے کا موقع دیا۔

اس فرض کی ادائیگی کے فوراً بعد مَیں واپس مسجد "بیت الرحمان" سلور سپرنگ (میری لینڈ) آ گیا۔ مَیں نے حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہٖ العزیز

کی خدمت میں بھجوانے کے لیے صلاح الدین کی یاد میں ایک مضمون لکھنا شروع کیا ہوا تھا۔ محترم جنرل سیکرٹری برادرم عزیزم مختار ملہی صاحب اور عزیزی علی باجوہ بار بار زور دیتے کہ گیسٹ ہاؤس چلے جاؤں مگر میرا اصرار یہی تھا کہ جو سہولت مجھے مسجد میں ہے اور اس کے غربی کونے میں سکون اور آرام سے مَیں اپنا کام کر سکتا ہوں، گیسٹ ہاؤس کے تکلفات اس کے متحمل نہیں ہو سکتے تھے۔ چنانچہ ساری رات لکھتا رہا۔ صبح فجر کی نماز کے بعد بھی سونے کا موقع نہ ملا؛ کیونکہ افسر جلسہ سالانہ عزیزم مکرم بشیر ملک صاحب کی کار میں نائب امیر مکرم و محترم ملک مسعود صاحب اور عزیزم مکرم مختار ملہی صاحب کے ساتھ ساڑھے سات بجے سنٹرل نیو جرسی تدفین کے لیے روانہ ہونا تھا۔ اس سے ایک روز پہلے مسجد "بیت الرحمان" ہیڈ کوارٹرز میں بعد نماز ظہر جنرل سیکریٹری صاحب نے صلاح الدین کے خاندان اور جماعتی خدمات کا تفصیلی ذکر کیا اور مشنری انچارج مکرم مولانا اظہر حنیف صاحب نے نماز جنازہ پڑھائی. جس میں یومِ تعطیل (week end) نہ ہونے کے باوجود کثیر تعداد میں احبابِ جماعت نے شرکت کی۔ مسجد کاہال کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ مسجد "بیت الہادی" اولڈ برِج (Old Bridge) نیو جرسی میں بھی ایک بہت بڑی تعداد دوبارہ نماز جنازہ کی ادائیگی اور بعد ازاں تدفین میں شامل ہوئی۔

دھرتی ماتا کا ایک سپوت بظاہر مَنوں مٹی تلے آسودۂ خاک ہو گیا مگر اپنے کارہائے نمایاں کی یادوں کو ایک صدقہ جاریہ کی طرح ہمیشہ کے لیے اپنے پیچھے چھوڑ گیا۔ حضورِ انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمتِ اقدس میں لکھا ہوا اس کا ذکرِ خیر پیشِ خدمت ہے۔ حضور نے ازراہِ شفقت اس تعزیتی مضمون کو قبول فرماتے ہوئے دعائیہ جوابی خط سے بھی نوازا جس کا عکس آخر میں درج ہے۔

اللہ تعالیٰ کی رضا پر راضی رہتے ہوئے اور ہر رنج و ملال میں اسی کا دامن تھامے، اپنے نہایت عزیز دوست اور چھوٹے بھائی، عزیزی ڈاکٹر صلاح الدین مرحوم کے ساتھ گزرے ہوئے لمحات اور اس کے اوصاف و محاسن بیان کرنے کی سعادت پا رہا ہوں جو فی ذاتہٖ میری زندگی کا قیمتی سرمایہ اور مشعلِ راہ ہیں۔

ربوہ سکول میں وہ مجھ سے دو ایک سال جونیئر تھا، اس لیے وہاں اس کے ساتھ سرسری سا تعلق تھا۔ مگر 1988 سے امریکہ میں میرا اس کا چولی دامن کا ساتھ ہو گیا ــــــ اور وہ لمحہ تو گویا میری زندگی کا ما حصل بن گیا جب 1991 کے ڈیٹرائٹ میں منعقد ہونے والے جلسہ سالانہ کے اختتام پر ہم سب لوگ سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ کو الوداع کر رہے تھے کہ اچانک حضورؒ نے فرمایا:

"آئندہ امریکہ میں لنگر چلنے چاہئیں۔" اس پر بعض منتظمین معذوری کی توجیہات پیش کرنے لگے تو آپؒ نے فرمایا: "اگر تنبوقنات میں جلسہ کی اجازت مل سکتی ہے تو لنگر بھی چل سکتا ہے۔"

خدا جانے وہ کیا لمحہ اور کیا الٰہی تصرف تھا کہ میں نے یکبارگی ہاتھ کھڑا کر دیا اور بول اٹھا: "جی حضورؒ، انشاءاللہ ضرور لنگر شروع کریں گے۔" دوسری طرف کھڑے ہوئے صلاح الدین نے بھی بلا تامل لبیک کہی۔

حضورؒ کے رخصت ہوتے ہی ہم دونوں نے ایک دوسرے کو گلے لگایا اور اس یقین کا اظہار کیا کہ اب جلسہ سالانہ پر لنگر مسیحِ موعودؑ کی راہ میں کوئی رکاوٹ کھڑی نہیں ہو سکتی —— یہ دو اٹھے ہوئے ناتواں ہاتھ اور بے مایہ آوازیں اس کے بعد ہمیشہ کے لیے ایک دوسرے میں مدغم ہو گئیں۔

صلاح الدین نے اس کار ہائے نمایاں کے لیے ربع صدی سے زائد عرصہ میں کہاں کہاں کوہ کنی کی، کیسی کیسی تیشہ زنی کی، اس کا مختصر تذکرہ پچھلے سال میں نے اپنے مضمون "امریکہ میں لنگر کے پچیس سال" میں ایک عاجزانہ سے رنگ میں کرنے کی کوشش کی تھی —— مگر حقیقتاً اس کا کچھ حصہ بھی صلاح الدین کی ان عظیم خدمات اور انتھک کاوشوں کا احاطہ نہیں کر سکتا۔ وہ جس طرح میرے جیسے کم مایہ، بے ہنر اور ناکارہ ساتھیوں کو اس سفر میں لے کر آگے بڑھا، اور ایک کوہ کن کی طرح مصائب کے پہاڑوں اور مشکلات کی چٹانوں سے ٹکراتا اور ایک جوہری کی طرح ہمیں تراشتا رہا وہ ایک داستان ہی اور ہے۔ اس پس منظر کا ایک دلچسپ واقعہ برادرم عزیزم صاحبزادہ میاں ظاہر مصطفیٰ احمد نے مجھے اس کی نماز جنازہ سے فراغت کے بعد کچھ یوں بتایا:

1992 کے اوائل میں جلسہ کے موقع پر اپنا لنگر چلانے کے لیے ایک میٹنگ حضرت صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب امیر جماعت ہائے احمدیہ امریکہ کے گھر پر منعقد ہوئی جس میں اکابر منتظمین کی اکثریتی رائے یہی تھی کہ اپنا لنگر چلانا ہمارے بس کا روگ نہیں۔ جب سب اپنے اپنے خیالات کا اظہار کر چکے تو صلاح الدین نے، جو اس وقت نیو یارک جماعت کا ضیافت سیکریٹری تھا اور ہزار بارہ سو مہمانوں کا کھانا بنانے کا تجربہ رکھتا تھا، کچھ عرض کرنے کی اجازت طلب کی۔ اجازت ملنے پر اس نے اپنا تعارف کرایا اور لنگر کی ڈیوٹیوں کا حوالہ دے کر کہنے لگا:

"میاں صاحب، یہ جو سب مخالفت کر رہے ہیں، انہوں نے کبھی انڈہ بھی نہیں تلا۔ انہیں کیا علم، لنگر چلانا کیا ہوتا ہے۔ آپ مجھے موقع دیں، انشاءاللہ یہ کام کر کے دکھاؤں گا۔"

حضرت میاں صاحب کی طبیعت پر بہت بوجھ تھا کہ ایک طرف خلیفۂ وقت کا ارشاد ہو اور دوسری طرف مجبوری و معذوری کی آوازیں بلند ہو رہی ہوں۔ میٹنگ کچھ مایوسی کے رنگ میں ختم ہو گئی۔ سب لوگ باہر نکل آئے

تو آپ نے اپنے خادم صدیق کو بھیجا کہ وہ جو سب سے لمبا نوجوان ہے اسے بلا کر لاؤ۔ اس وقت میاں صاحب مرحوم صلاح الدین کے نام سے بھی واقف نہیں تھے۔ فرمانے لگے: "تم یہ کام کر لو گے؟" "خدا تعالیٰ کے فضل اور مدد کے ساتھ، انشاءاللہ ضرور۔" صلاح الدین کا جواب تھا۔

"تو پھر وعدہ کرو کہ دنیا میں جہاں بھی ہو، امریکہ کے جلسہ پر ضرور پہنچو گے۔" صلاح الدین نے وعدہ کیا اور پھر اپنی موت تک اسے نبھایا۔ وہ جاپان میں ہو، جزائر غرب الہند (Caribbean Islands) میں ہو، انگلینڈ میں ہو یا پاکستان، ہر جلسہ پر امریکہ پہنچا۔

حضرت میاں صاحب مرحوم نے بھی اس کی قدر کی۔ اور اپنی زندگی میں ہمیشہ جلسہ پر پہنچنے کے بعد لنگر تشریف لاتے اور صلاح الدین کا شکریہ ادا کرتے۔ آپ کی وفات کے بعد آپ کے منہ بولے بیٹے، میاں ظاہر احمد نے بھی اس روایت کو جاری رکھا اور ہمیشہ لنگر آکر صلاح الدین کا شکریہ ادا کیا اور اسے یاد دلایا کہ "تمہیں ابا جان مرحوم کا سلام پہنچانے اور شکریہ ادا کرنے آیا ہوں۔"

جلسہ کے ابتدائی سالوں میں ایک بار جلسہ سے کچھ عرصہ پہلے اسے پاکستان جانا پڑا۔ ان دنوں اس کے پاس کوئی ذریعۂ معاش نہیں تھا اور مالی لحاظ سے بھی کافی تنگ دستی کا عالم تھا۔ ایک شخص نے اس کے ایک گہرے دوست سے پوچھا: "صلاح الدین اس دفعہ جلسہ پر آ بھی سکے گا یا نہیں؟" وہ دوست جو اس کا بڑا بھیدی تھا، کہنے لگا:

"وہ جلسہ پر ضرور پہنچے گا، چاہے اسے اپنے کپڑے بیچ کر واپسی کا ٹکٹ خریدنا پڑے۔"

اور حقیقت بھی یہ ہے، اس نے کبھی جلسہ اور اس کی ڈیوٹیوں سے محرومی کا داغ اپنے ماتھے پر نہیں لگنے دیا۔ دو سال پہلے آنکھوں میں آنسو لیے، جذبۂ تشکر و افتخار سے بھرے ہوئے بڑے گھمبیر لہجے میں کہنے لگا:

"امتیاز، آج میں بہت خوش ہوں۔ بحمد للہ مجھے جلسہ کی ڈیوٹیاں دیتے ہوئے پورے پچاس سال ہو گئے ہیں۔ دس سال کا تھا جب پہلی بار پانی پلانے کی ڈیوٹی دی تھی۔ پھر ربوہ ہو، لندن یا امریکہ، کبھی جلسہ کی ڈیوٹی سے محروم نہیں رہا۔"

خدا تعالیٰ نے صلاح الدین کو جن بے پناہ صلاحیتوں سے نوازا، ان میں علم، ذہانت، عزم، اپنے مقصد سے لگن، اعلیٰ معیار کے نظم و ضبط اور سخت محنت کی عادت تھی۔ لیکن جو چیز ان سب پر بھاری تھی وہ خلافت اور امارت سے انتہا درجہ کی وابستگی، اطاعت اور توکل و قناعت کے ساتھ دعاؤں پر یقین تھا۔ اور حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کے مقدس مشن کی ادائیگی اور تکمیل کے لیے جنون کی حد تک وفا کے ساتھ قائم ہونا تھا۔

اپنے علم، تجربے اور صلاحیتوں کے لحاظ سے وہ دینی دنیاوی ہر دو لحاظ سے ارفع مراتب کا اہل قرار دیا جا سکتا تھا اور جماعت کے اعلیٰ عہدوں کا حقدار سمجھا جا سکتا تھا، مگر اس کی عاجزی اور انکساری نے اسے ہمیشہ خاک نشیں رکھا اور دیگوں کی جھلستی آگ ہی میں اپنے لیے راحت و عافیت جانی ——— مگر اس کے پیچھے جو حکمت اور راز تھا اس سے شاید ہر کوئی واقف نہیں۔ اس میں ایک ایسا پختہ ایمان تھا کہ انفرادی اور اجتماعی ہر لحاظ سے ہماری جماعت اس وقت جس مقام پر فائز اور اللہ تعالیٰ کے فضلوں کی وارث بنی ہوئی ہے وہ ثمر ہے ہمارے آقا و محسن سیّدنا حضرت اقدس مسیح موعود علیہ السلام کی اس عاجزی، انکساری، توکل اور قناعت کی قبولیت کا کہ کبھی آپؑ دستر خوان کے بچے کھچے ٹکڑوں پر گزارہ کرتے تھے اور آج بادشاہ آپؑ کے کپڑوں سے برکت حاصل کرنے کو ترستے ہیں اور دنیا کے ملک ملک میں آپؑ کے نام کے لنگر چل پڑے ہیں۔

"لُفَاظَاتُ الْمَوَائِدِ کَانَ اُکُلِیْ - وَ صِرْتُ الْیَوْمَ مِطْعَامَ الْاَهَالِیْ"

(دستر خوانوں کا پس خوردہ میری خوراک تھا اور آج مَیں کئی گھرانوں کو کھلانے والا بن گیا ہوں)

آقا علیہ السلام کی اس قربانی کی قدر کے لیے صلاح الدین کے اندر ایک ایسا عشق اور جذبۂ تشکر تھا کہ وہ خود تو لنگر میں زمین پر گرے ہوئے ٹکڑے اٹھا کر کھاتا اور دوسروں کی چھوڑی ہوئی جوٹھی کٹوریوں سے پیٹ بھرتا، مگر مسیح پاکؑ کے مہمانوں کے لیے ایک سے ایک بڑھ کر طعام تیار کرتا۔ اسی بنا پر وہ جلسہ سالانہ پر لنگر مسیح موعودؑ سے بڑھ کر کسی اور ڈیوٹی کے لیے اپنے

آپ کو تیار ہی نہ کر پاتا تھا۔ اس خدمت کے لیے اس نے جس طرح اپنی زندگی تج دی اس کا ایک ایک لمحہ زریں حروف سے لکھے جانے کے قابل ہے۔ یہ ایک طویل داستان ہے جس کا لب لباب یہی ہے کہ اس کی فطرت میں اعلیٰ معیار اور بچت کا ایسا حسین امتزاج تھا جس کی مثال کم ہی دکھائی دیتی ہے۔ مسیحِ موعودؑ کے مہمانوں کے لیے انتہائی اعلیٰ کوالٹی کی اشیا کا انتخاب کرتا اور اسراف سے اس طرح بچتا گویا ایک زہریلے سانپ کے زہر سے تریاق نکال رہا ہے۔ دُور کی قوسوں کو کھینچ کر ایک مختصر سے وَتر میں پروتے ہوئے مَیں نے اس سے بڑھ کر کسی شخص کو نہیں دیکھا۔

سائنسی علوم کی وسعت اور عامیانہ برتاؤ (street knowledge) اس میں اس طرح مدغم ہو گئے تھے کہ کوئی کتنا ہی تجربہ کار، عالم یا شاطر ہوتا اسے مات نہیں دے سکتا تھا۔ ہمارے ساتھ کام کرنے والے بڑے بڑے گھاگ بزنس مین اس بات کا اعتراف کرتے تھے کہ جہاں ان کی قوتِ خرید (buying power) کی انتہا ہو جاتی وہاں سے صلاح الدین کام شروع کرتا تھا۔ اس کے لیے اس نے جس طرح چلچلاتی دھوپوں اور یخ بستہ راتوں میں محنت کی یہ اسی کا کام تھا۔ آدھی رات کے بعد دوڈھائی بجے سبزی منڈی کھلنے سے پہلے وہاں موجود ہوتا اور بھاؤ تاؤ کر کے سب سے اچھا مال سب سے کم قیمت پر خریدتا۔

ایک بار اپنی بیماری کے باعث خود منڈی نہ جا سکا اور دو نوجوانوں کو جو خود بڑے لمبے عرصے سے اس کاروبار میں تھے فون پر ہدایات دیتا رہا۔ ایک موقع پر انہوں نے جواب دے دیا کہ اِس سے زیادہ سستا مال نہیں مل سکتا۔ کہنے لگا: ”تم نے ساری منڈی کا چکر لگا لیا ہے اور قیمتوں کا خوب اندازہ ہو چکا ہو گا۔ اب واپس پہلے ساہوکار کے پاس جاؤ اور اسے کہو، ہمیں ٹماٹروں کے سائز سے کوئی غرض نہیں، وہ چھوٹے ہوں یا بڑے۔ کیونکہ ہمیں تو مشین میں پیس کر ان کا پیسٹ بنانا ہے۔ تم اگر سائز کے مطابق چھانٹی کرتے رہے اور دیر ہو گئی تو یہ ضائع ہونا شروع ہو جائیں گے۔ آدھی قیمت دیتے ہیں، سارا مال اٹھوا دو۔“

وہ تاجر اس سودے پر راضی ہو گیا۔

امریکہ میں لنگر شروع ہوتے ہی صلاح الدین نے ربوہ، لندن اور کینیڈا کے دورے کیے۔ وہاں کے سسٹم، دیگوں کے سائز اور افرادی قوت (man power) کا بڑے سائنٹیفک طریق پر جائزہ لیا اور حساب لگا کر یہ نتیجہ نکالا کہ اگر ہم دیگوں کا سائز بڑا کر لیں جسے ایک رضاکار آسانی سے ہینڈل کر سکتا ہو تو ہم وقت، محنت اور پیسے کی کتنی بچت کر سکتے ہیں۔ چنانچہ امریکہ میں دیگوں کے حجم اور ساخت کے باعث ان میں بیرونی ممالک اور پاکستان کے نائیوں کی دیگوں سے تین گنا زیادہ مقدار میں کھانا پکایا جا سکتا ہے۔ ہماری دال کی ایک دیگ سات آٹھ سو مہمانوں کے لیے کافی ہوتی ہے۔ اور دس بارہ تربیت یافتہ کارکنان بڑی آسانی سے دس ہزار افراد کا کھانا تیار کر لیتے ہیں۔

صلاح الدین کی انہیں انتھک کوششوں اور خداداد صلاحیتوں کو ربِّ کریم نے اس طرح نوازا کہ جلسہ پر لنگر شروع ہونے کے پہلے ہی سال ہزاروں ڈالر کی بچت ہو گئی۔ بیرونی ذرائع سے خوراک رسانی (catering) پر ہم جو سات آٹھ ڈالر فی کس خرچ کرتے تھے وہ لاگت کم ہو کر صرف 69 سینٹ فی کس پر آ گئی۔ اس طرح ربع صدی میں بحمد للہ جماعت کا کروڑہا روپیہ بچا لیا گیا۔

صلاح الدین اپنے مزاج میں بے تکلفی، سادگی اور عاجزی کے باوجود صحیح مؤقف پر ڈٹ جانے والا اور جماعتی فنڈز کے کسی بھی قسم کے اسراف یا ضیاع پر مصالحت کرنے والا وجود نہیں تھا۔ لیکن بہت کم لوگ جانتے ہیں کہ وہ اپنی ذاتی زندگی میں بھی انتہائی سادہ اور عاجزانہ رکھ رکھاؤ کے باوجود بڑا سخی اور فیاض شخص تھا۔ کسی کو مشورہ کی ضرورت ہو یا عملی مدد کی، ہمیشہ پیش پیش رہتا۔ کئی جماعتوں کو ساز و سامان کی خریداری میں اس نے ہزاروں ڈالرز کی بچت کرائی۔ اور عام حاجتمندوں کی بھی بڑی خاموشی سے اپنی حیثیت اور اوقات سے بڑھ کر مدد کرتا۔ پیسے کی بچت کرنے کے لیے اپنی پرانی سی ٹوٹی پھوٹی کار کی خود ہی مرمت کرتا رہتا۔

ایک بار ایک دوست کے ساتھ سفر کر رہا تھا اور بجائے ٹول والی ٹرن پائیک لینے کے ذرا دیر سے پہنچانے والے رستے پر ہو لیا تو اس کا دوست اس کے سر ہو گیا:

”صلاح الدین، تم بھی خوب آدمی ہو۔ اٹھارہ ڈالر کی تو بات تھی، کتنا وقت بچ جاتا؟“ کہنے لگا:

"تمہیں نہیں پتا، مَیں ایک ایک پیسہ بچانے کی کوشش کرتا ہوں۔ مَیں نے کئی پڑھنے والے بچوں کے وظیفے مقرر کر رکھے ہیں۔ یہ اٹھارہ ڈالر وہاں صرف ہو سکتے ہیں۔"

یہ بھی الٰہی تصرف اور حکمت دکھائی دیتی ہے کہ اِمسال پہلی بار MTA-USA کی لائیو نشریات سے اس کا انٹرویو نشر کیا گیا۔ اسی طرح دیگوں سے اٹھ کر میلے کچیلے سالن بھرے لباس میں سٹوڈیو پہنچ گیا۔ کسی نے کہا کہ ڈاکٹر صاحب قمیص تو بدل لیں۔ کہنے لگا: "انٹرویو لینا ہے تو اسی طرح لو۔ یہ لباس ہی میرا سرمایۂ افتخار ہے۔ میں دکھاوے کے لیے نہیں آیا ہوں۔" پھر اس بات پر اڑ گیا کہ جب تک امتیاز میرے ساتھ نہیں ہو گا، انٹرویو نہیں دوں گا۔ جس شخص نے پہلے دن سے میرا ساتھ دیا ہے، مَیں اس کے بغیر ٹی وی پر نہیں آسکتا۔

اب سب لوگ مجھے ڈھونڈ رہے تھے اور مَیں چھپتا پھر رہا تھا کہ کسی طرح سامنے نہ ہی آؤں تو بہتر ہے۔ بالآخر اس نے مجھے پکڑ لیا اور کہنے لگا: "تم مجھ سے بڑے ہو، مَیں تمہیں حکم نہیں دے سکتا۔ لیکن اگر تم نہیں آؤ گے تو مَیں بھی انٹرویو نہیں دوں گا۔" اس پر مجبوراً مجھے اس کے ساتھ بیٹھنا پڑا کہ کہیں ہم دونوں حکم عدولی کے مرتکب نہ ہو جائیں۔

اپنے مقصد سے لگن اور ڈیوٹی کی ادائیگی کی راہ میں اس کے سامنے کیسی ہی پہاڑوں جیسی مشکلات آجاتیں، کبھی اس کے قدم نہ ڈگمگاتے۔ کئی سال پہلے ایک ذراسی بے احتیاطی سے اس کا پاؤں ابلتی ہوئی دیگ میں جا پڑا۔ پاؤں کی ساری کھال اور گوشت مکمل طور پر بُھن گیا۔ ہڈیاں تک نظر آنے لگیں، مگر اپنے میدان سے ہٹا نہیں۔ بہت زور دیا کہ ہسپتال لے جائیں، نہیں گیا۔ شدید کرب میں وہیں کرسی پر بیٹھا ڈاکٹر آغا شاہد خان سے مرہم پٹی کرواتا رہا اور دیگوں کی نگرانی کرتا رہا۔

یہ ایک عزم تھا، ولولہ تھا خلافت سے انتہائی وابستہ مسیحِ پاک علیہ السلام کے ایک عاجز اور بے لوث غلام کا جس کی ذہانت اور یادداشت ایسی کہ خلیفۂ وقت سے اظہارِ تشکر و امتنان کا تمغہ لے گیا جب سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ نے Revelation, Rationality, Knowledge and Truth میں بعض حوالوں کی فراہمی پر اظہارِ خوشنودی فرما کر اسے ہمیشہ کے لیے اَمر کر دیا۔ اس کا علم ایسا کہ بڑے بڑے عالم اس کا دم بھریں۔ اس کا تجربہ ایسا کہ بڑے بڑے جغادری ماہرین اسے چیلنج نہ کر پائیں۔ اس کی قیادت ایسی کہ ہم جیسے بیسیوں بے ہنر، اناڑی اور ناکارہ کارکنوں کو کام کا سلیقہ اور حوصلہ عطا کر گیا۔ اس کا مسیح موعودؑ کی صداقت پر ایمان اور خلافت سے وابستگی اور اطاعت کا معیار ایسا کہ رشک آئے ——— مگر ایک بات جو اس کی افتادِ طبع کے باعث شاید عام لوگوں کے علم میں نہ ہو یا وہ اس کا اظہار صرف مجھ سے ہی کیا کرتا تھا ——— وہ دعاؤں پر ایسا کامل اور غیر متزلزل یقین تھا کہ مجھے بھی حیران کر دیتا تھا ——— اور اس کا اظہار وہ آخری

وقت میں کر بھی گیا جب جلسہ 2017 کے اختتام پر لنگر کے ورکرز کی گروپ فوٹو کے بعد صلاح الدین نے غیر متوقع طور حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے بڑے جذباتی رنگ میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے ہوئے ایک طمانیت اور مسرت کا اظہار کیا کہ اس بار اس نے ہماری کوتاہیوں کی پردہ پوشی کرتے ہوئے ہمیں سرخرو کیا ہے اور کوئی بھی شکایت سامنے نہیں آئی۔ اس کے ساتھ تمام ساتھیوں سے معافی مانگتے ہوئے یہ عہد کیا کہ "خدا تعالیٰ مجھے زندگی کے آخری سانس تک لنگر میں کام کرنے اور مسیح موعودؑ کے مہمانوں کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے اور جب مَیں خدمت کرتے ہوئے مروں تو وہ میری زندگی کا آخری جلسہ ہو۔"

صلاح الدین کی آنکھوں سے آنسو رواں تھے اور تمام حاضرین بھی آبدیدہ تھے۔ لنگر کے ماحول میں اس قسم کی جذباتی فضا مَیں نے پہلے کبھی نہ دیکھی تھی۔ میرا دل اسی وقت پکڑا گیا کہ یہ آج باتیں کیسی کر رہا ہے۔ لیکن کیا پتا تھا کہ وہ اپنا عہد نبھانے ہی کی نہیں، عہد کی تکمیل کا بھی عندیہ دے رہا ہے۔ اور حقیقت بھی یہی ہے۔ وہ اپنی وفات سے دو روز قبل مسجد "بیت الرحمٰن" میں لجنہ کے ریجنل اجتماع کی ضیافت کے انتظامات کے لیے ہدایات دیتا رہا اور بیماری کے آخری حملے سے تھوڑی دیر پہلے تک ہمارے لنگر کے پرانے ورکر اور گوشت سپلائی کرنے والے نیو جرسی کے وسیم ملک اور لنگر ضیافت کی سروس کے انچارج عثمان گھمن سے فون پر یہی گفتگو کر رہا تھا کہ لندن، جرمنی اور کینیڈا کے جلسوں کے لیے بھی گوشت کی سپلائی کا معیار اعلیٰ کرنے کے لیے انعام الحق کوثر صاحب کے روابط کو بھی استعمال کر کے ہمیں خود آسٹریلیا جا کر وہاں کے حلال گوشت کے سپلائرز سے براہِ راست رابطہ قائم کرنا چاہیے تاکہ ان سے اپنے معیار اور ضروریات کے مطابق سپلائی کی پیکنگ کروائی جا سکے۔

یہ وہ شخص تھا جو ایک سچے عشق، جنون، دُھن اور جذبے (passion) کے ساتھ ساری زندگی سیّدنا حضرت اقدس مسیحِ موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مہمانوں کی خدمت کے لیے جُتا رہا۔ اس کے اندر وہ دیوانگی تھی جسے حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ نے "مقصود مرا پورا ہو اگر مل جائیں مجھے دیوانے دو" میں تلاش کیا تھا۔ یہ آقا علیہ السلام کے ان غلاموں میں سے تھا جو اپنی بے لوث خدمات سے شکر و عجز سے جھکے ہوئے سروں کو سربلند کر گیا اور حضور علیہ السلام کی روح کو طمانیت عطا کرنے والوں اور یقین دلانے والوں میں شامل ہو گیا کہ آپؑ کے بعد آنے والے بھی آپؑ کی رہنمائی اور عطا کردہ راہوں پر چلتے ہوئے خدمتِ دین اور خدمتِ خلق کے مقدس مشن کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔

خدا تعالیٰ عزیزی صلاح الدین کو غریقِ رحمت کرے اور جنت الفردوس میں اعلیٰ علیین مقام عطا فرمائے۔ وہ حقیقتاً ایک عہد ساز وجود تھا جو نہ صرف اپنا عہد نبھا گیا بلکہ زندہ افراد اور زندہ قوموں کی طرح اپنی Legacy اور میراث اس رنگ میں چھوڑ گیا کہ اس کے تربیت یافتہ جانشین اس سے بڑھ کر خدمت کے لیے تیار ہوں۔ انشاء اللہ العزیز۔

اللہ تعالیٰ ہماری کوتاہیوں اور غلطیوں کی پردہ پوشی فرماتے ہوئے ہمیں پہلے سے بڑھ کر مقبول خدمتِ دین کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

ڈاکٹر صلاح الدین مرحوم

2017—1953

میاں لطف الرحمن محمود صاحب (مرحوم) کا ذکرِ خیر

انجینئر محمود مجیب اصغر، ربوہ

میاں لطف الرحمان محمود

آپ تعلیم الاسلام ربوہ کے نامور طلباء میں سے تھے اور کالج میگزین "المنار" کے بہت اعلیٰ پائے کے ایڈیٹر تھے۔ آپ 19 جولائی 1938ء کو پیدا ہُوئے۔ آپ نے گورنمنٹ ہائی سکول بھیرہ سے 1955ء میں میٹرک کیا اور 1955ء سے 1959ء تک تعلیم الاسلام کالج کے طالب علم رہے۔

اس کے بعد غالباً BEd یا B.T کی ڈگری لی اور تعلیم الاسلام ہائی سکول ربوہ میں سائنس ٹیچر رہے۔ آپ بہت اچھے لکھاری اور مقرر اور خدمتِ دین کی تڑپ رکھنے والے متقی انسان تھے۔

در جوانی توبہ کردن شیوہء پیغمبری

کے مصداق تھے اور مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ میں عاملہ کے رکن کے طور پر خدمت کی توفیق پائی۔ خدام الاحمدیہ کے ترجمان رسالہ "خالد" کے ایڈیٹر بھی رہے۔ آپ کے نہائیت قیمتی مضامین خالد اور المنار اور پھر الفضل میں شائع ہوتے رہے ہیں۔

ایک لمبا عرصہ آپ سیرالیون میں واقف زندگی ٹیچر کے طور پہ خدمت کی توفیق پاتے رہے اور بالآخر بطور پرنسپل ریٹائر ہوئے اور امریکہ جاکر اپنے بھائیوں کے ساتھ سکونت اختیار کی۔

میں اِنہیں بچپن سے جانتا تھا۔ میں ان سے بہت جونیئر تھا لیکن

شروع سے ہی اُن سے متاثر تھا۔

ہمارے بچپن میں مسجد نور بھیرہ میں اُنہوں نے چند بار اطفال الاحمدیہ کے اجلاس کروائے جن میں، میں بھی بطور طفل شامل ہوتا تھا۔ اس لئے اُس وقت سے اُن کا غائبانہ طور پر عقیدت مند ہو گیا جو وقت کے ساتھ ساتھ اُن کی علمی خدمات سامنے آتی گئیں اس سے میری عقیدت

بڑھتی چلی گئی۔ میری باقاعدہ ملاقات اُن سے خلافت لائبریری میں اُس وقت ہوئی جب وہ چند سال پہلے امریکہ سے ربوہ آئے ہوئے تھے اور اُن کے ایک نسبتی پوتے کی شادی تھی۔ خلافت لائبریری میں مربّی فضل احمد صاحب شاھد (کشمیری) نے ان سے ملاقات کروائی اور وہ ان دنوں بعض حوالے تلاش کر رہے تھے۔ شادی میں بھی مجھے شریک کیا۔ اور بھیرہ کے تعلق اور اُن کے والد محترم اور میرے والد محترم کے بچپن کے تعلق کی وجہ سے اپنی اپنایت سے اور محبت سے گفتگو کرتے رہے۔

ان کی وفات پر مربی فضل احمد شاہد صاحب (کشمیری) کی ہی تحریک پر میں نے اُن کے خاندانی پسِ منظر اور جو حالات و کیفیات مجھے معلوم تھیں پر مبنی ایک Fax حضرت خلیفۃ المسیح کی خدمت میں ارسال کیا تھا جس کا ذکر حضور انور نے اپنے خطبہ جمعہ مورخہ 9جون 2017ء میں فرمایا:۔ (الفضل انٹرنیشنل لندن 30جون۔6جولائی 2017ء)

''انسان کی پہچان اس کے آباو اجداد سے ہوتی ہے۔ میاں لطف الرحمن محمود صاحب کے آباو اجداد کا بھیرہ کی تاریخ احمدیت میں اس طرح ذکر ملتا ہے۔

خاندانی پس منظر: تاریخِ احمدیت بھیرہ مصنف میاں فضل الرحمن بسمل غفاری بی اے بی ٹی امیر جماعت احمدیہ بھیرہ (اشاعت 1972ء) کے مطابق لطف الرحمن محمود صاحب کے دادا جان کا ذکر اس طرح ہے۔

حضرت میاں کرم دین صاحب (صحابی)

(ولادت 1870ء، بیعت 1894ء، وفات 1928ء)

آپ مکرم پروفیسر میاں عطا الرحمن صاحب ایم ایس سی۔ وائس پرنسپل ٹی آئی کالج ربوہ کے والد ماجد تھے۔ احمد آباد (جہلم) سے ہجرت کر کے بھیرہ آئے اور محلہ احمدیہ میں آباد ہوئے۔ بڑے مخلص بزرگ تھے۔ حضرت مسیح موعودؑ کے صحابی تھے خاموش طبع، دیانت دار اور محنت کش انسان تھے، سلسلہ کے کاموں میں سرگرمی سے حصّہ لیتے تھے۔

(رجسٹر روایات میں آپ کی ایک بیٹی کی روایت درج ہے جس کا ذکر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایداللہ تعالیٰ نے 9جون 2017ء کے خطبہ جمعہ میں فرمایا ہے)

میاں لطف الرحمن محمود صاحب کے والد محترم

مکرم میاں عطاء الرحمن صاحب ایم ایس سی بی ٹی

(ولادت 1905ء وفات جنوری 1982ء)

پہلے آپ گورنمنٹ کالج شاہ پور میں لیکچرار تھے۔ قادیان میں کالج بننے پر حضرت خلیفۃ المسیح الثانیؓ نے تحریک فرمائی کہ مستند اساتذہ زندگی وقف کرکے قادیان میں آئیں۔ آپ نے فوراً سرکاری ملازمت چھوڑ کر قادیان آنے کی پیشکش کی۔ مرکز نے بلایا تو استعفیٰ دے کر چل کھڑے ہوئے۔ مگر مرکز کو کوئی اور آدمی مل گیا۔ اس لئے آپکو استعفیٰ واپس لینا پڑا۔ جب واپس لے چکے تو پھر مرکز نے بُلا بھیجا آپ نے پھر استعفیٰ دیا۔ اگرچہ افسران نے اِن کے اس فعل کو نا

پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا مگر میاں صاحب کو سلسلہ کی خاطر سب کچھ منظور تھا۔ چنانچہ آپ قادیان چلے گئے اور بڑی دیانتداری اور تن دہی سے خدمات سر انجام دیتے تھے۔ آپ ہمیشہ سبق کی تیاری کر کے کلاس میں جاتے تھے۔ آپ کے پڑھانے کا طریق جاذب اور دلنشین تھا۔ آپ بہت نیک اور ذہین تھے۔

ایک دفعہ آپ نے خواب میں دیکھا کہ چاند گرھن کے بعد پھر روشن ہو گیا بے ساختہ بولے !!

کروں گا دُور اس مہ سے اندھیرا
دکھاؤں گا کہ اک عالم کو پھیرا

تفہیم ہوئی کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا ہے کہ حضرت محمود احمد صاحب خلیفہ منتخب ہوں گے۔ بعض لوگ اختلاف کریں گے مگر ماننے والے ترقی کریں گے۔۔۔۔۔۔

میاں صاحب کے بڑے صاحبزادے لطف الرحمن محمود مغربی افریقہ میں سلسلہ کے مدارس میں استاد ہیں عمدہ طور پر دین کی خدمت کر رہے ہیں۔

اور دوسرے فرزند لطف المنان صاحب ایم ایس سی آجکل پی ایچ ڈی کے لئے امریکہ گئے ہیں۔

(بھیرہ کی تاریخ احمدیت ص91، ص92)

افراد خاندان میاں لطف الرحمن محمود صاحب

ان کے بھائی میاں شفیق الرحمن صاحب آرکیٹکٹ انجینئر کے مطابق ان کے اہل و عیال کی تفصیل درج ذیل ہے !!

ضیاء خاور محمود (اھلیہ)
انعام الرحمن (بیٹا)
منورہ سلطانہ (بیٹی)
لطف القدوس محمود (بیٹا)
ہشام محمود (بیٹا)
ھبۃ النور محمود (بیٹی)

آپ کے بہن بھائیوں کی ترتیب یہ ہے !!

1۔ لطف الرحمن محمود
2۔ امۃ اللطیف (بہن)
3۔ لطف المنان (بھائی)
4۔ امۃ الرفیق (بہن)
5۔ حبیب الرحمن مرحوم (بھائی)
6۔ شفیق الرحمن (بھائی)
7۔ امۃ النصیر (بہن)
8۔ امۃ السمیع یاسمین (بہن)

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہٖ العزیز کے الفاظ میں دُعا ہے کہ۔۔۔ ”اللہ تعالیٰ اِن سے مغفرت اور رحم کا سلوک فرمائے۔ درجات بلند فرمائے اور ان کی اولاد کو بھی ان کی نیکیوں کو جاری رکھنے کی توفیق عطا فرمائے۔“ آمین

مجلس طلبائے قدیم تعلیم الاسلام کالج
یو۔ ایس۔ اے کے زیر اہتمام
اُردو کے نامور اور مایہ ناز شعراء کے ساتھ

TALIM - UL - ISLAM COLLEGE ALUMNI ASSOCIATION USA
عِلْم عَمَل

شعری نشست

13 اگست 2016 بروز ہفتہ SHAHEEN RESTAURANT
1111N. Rolling Road, Catonsville (Baltimore) MD

فہمیدہ ریاض | سرمد صہبائی | شہلا نقوی | عباس تابش | مقصود وفا | شوکت فہمی | احمد مبارک

محترمہ فہمیدہ ریاض، جناب سرمد صہبائی، محترمہ شہلا نقوی، جناب عباس تابش،
جناب مقصود وفا، جناب شوکت فہمی، جناب احمد مبارک، جناب سعید نقوی اور محترمہ مونا شہاب

داخلہ: بذریعہ ٹکٹ 25 ڈالر فی کس (مشاعرہ و ڈِنر)

ڈِنر: 6:30 تا 7:30 — مشاعرہ 7:30 تا 10:00 بجے شب

ٹکٹ اور مزید معلومات کے لیے درج ذیل منتظمین سے رابطہ کریں

ڈاکٹر صفی اللہ چوہدری 856-305-4401
ناصر جمیل 443-567-1862
سفیر رامہ 703-629-7773

ایک شعری نشست

ناصر جمیل

مؤرخہ 13 اگست 2016 تعلیم الاسلام کالج المنائی یو۔ایس۔اے نے میری لینڈ کے شہر بالٹی مور میں امریکہ میں مقیم شعرا کے علاوہ پاکستان سے تشریف لائے ہوئے اُردو کے نامور شعرا کے ساتھ ایک شعری نشست کا اہتمام کیا۔ ان شعراء میں محترمہ فہمیدہ ریاض، جناب سرمد صہبائی، جناب عباس تابش، محترمہ شہلا نقوی، جناب شوکت فہمی، جناب مقصود وفا نے شمولیت کر کے اس محفل کو رونق بخشی۔ مقامی شعرا میں جناب احمد مبارک، جناب اکرم ثاقب، محترمہ مونا شہاب اور جناب صادق باجوہ نے شرکت کی اور کلام پیش کیا۔ تعلیم الاسلام کالج المنائی کی خصوصی درخواست پر تعلیم الاسلام کالج کے ہی ہر دل عزیز سابق اُستاد اور چیئرمین شعبہ اُردہ جناب ڈاکٹر پرویز پروازی کینیڈا سے تشریف لائے اور شعری نشست کی صدارت کی۔ نظامت کے فرائض جناب احمد مبارک نے ادا کیے۔ جملہ انتظامات اور میزبانی کے فرائض ناصر جمیل، جنرل سیکرٹری المنائی، نے مکرم سفیر رامہ اور صفی اللہ چوہدری، صدر المنائی، کے بھرپور تعاون سے ادا کیے۔

شعری نشست میں شریک مہمان شعرائے کرام

احمد مبارک

میں بھی تھا کر رہے تھے جہاں سارے گفتگو
ہر اک سے اُٹھ نہیں سکا وہ بارِ گفتگو

ٹھہرا دیا گیا ہوں گنہگار گفتگو
حالانکہ کر رہا تھا میں انکارِ گفتگو

پہلے تو کر دیا گیا سب کچھ تہس نہس
پھر ہم پہ دھر دیا گیا آزارِ گفتگو

درکار ایک اور ساعت ہے اس جگہ
سب پر نہیں کھلیں گے یہ اسرارِ گفتگو

بُوے معنی رقص کُناں ہے ہوا کے ساتھ
کس نےِ کھلا دیے گل و گلزارِ گفتگو

تَب کُھل کے مل سکیں گے سرِبزمِ خامشی
ٹوٹے گی جب وہ بیچ کی دیوارِ گفتگو

یوں تو ہیں چُپ مگر میرے جانے کی دیر ہے
بیٹھے ہوئے ہیں سب یہاں تیارِ گفتگو

اس خاکِ رفتگاں پہ سنبھل کر خرام کر
پھیلے ہوئے ہیں جا بجا آثارِ گفتگو

کوئی بُلا کے لاؤ کہ ہے خامشی بہت
جانے کہاں گئے ہیں میرے یارِ گفتگو

وہ خوش بیان جا چکا کر کے سخن تمام
اب تک وہیں کھڑے ہیں طلبگارِ گفتگو

☆☆☆

اکرم ثاقب

وہ شہر رائیگاں بدلا نہیں ہے
غموں کا سائباں بدلا نہیں ہے

مرا نیزے پہ سر رکھا گیا ہے
مگر میرا بیاں بدلا نہیں ہے

سنا ہے بھوک اُگتی ہے لہو میں
سنا ہے باغباں بدلا نہیں ہے

سنا ہے میرے کتبے گر رہے ہیں
کہ راوی داستاں بدلا نہیں ہے

ابھی بھی وقت ہے آجا گلے مل
کہ میں نے کارواں بدلا نہیں ہے

صلیبیں لے کے چلتے ہیں مسافر
کہ ثاقبؔ حکمراں بدلا نہیں ہے

☆☆☆

صادق باجوہ

ڈھونڈ رہا ہوں جس کو میں، پاس ہی ہے یہیں کہیں
چھپ کہ کہاں وہ جائے گا، ایسا نہیں، نہیں نہیں

جس کی تلاش و فکر میں کیا کیا جتن نہیں کیے
مل ہی تو جائے گا کبھی، دل کو یہی تو ہے یقیں

فکر جہاں کے ساتھ ساتھ، اپنی بھی جستجو تو ہو
ڈھونڈو تو دل میں پاؤ گے کوئی تو دل میں ہے مکیں

قصہء دردِ دل ہے کیا، کیوں نہ سمجھ میں آسکا
دم میں نہیں رہا ہے دم یا کوئی آرزو نہیں

اوروں کو دکھ میں ڈال کے دل کو سکوں ملا تو کیا
حسن طلب کی چاہ میں دل کا لہو تو ہو کہیں

چاہے کہیں بھی جایئے، در کوئی کھٹکھٹایے
سنگ حبیب چھوڑ کر جھکتی نہیں کہیں جبیں

چشمِ کرم کا فیض ہے چاہے جسے نواز دے
فُرقت گزیدہ نیم جاں، صادقؔ بھی ہے یہیں کہیں

مونا شہاب

دن ڈھلے گھر سے نـــکـــلـــتـــے ہو کوئی بات تو ہے
تم جو سڑکوں پہ ٹہلتے ہو کوئی بات تو ہے

میں بھی بالوں میں سجا لیتی ہوں ہر شام گلاب
تم بھی خوشبو سے بہلتے ہو کوئی بات تو ہے

دل میں رہتی ہوں مگر اپنے خیالوں میں کہیں
شب گئے نیند میں چلتے ہو کوئی بات تو ہے

باتوں باتوں میں پکڑ کے جو کبھی ہاتھ میرا
بے سبب بات بدلتے ہو کوئی بات تو ہے

سرد راتوں میں کھلی چھت پہ ستاروں کے تلے
موم کی طرح پگھلتے ہو کوئی بات تو ہے

جس طرف چلتی ہے موسم کے لیے نرم ہوا
تم اسی سمت میں چلتے ہو کوئی بات تو ہے

نہ بتاؤ تو کوئی بات نہیں ہے لیکن
تم کسی آگ میں جلتے ہو کوئی بات تو ہے

☆☆☆

ڈاکٹر سعید نقوی

یادِ ماضی کو حوالہ نہ بنایا جائے
اب ضروری ہے کہ اپنوں کو بھی پرکھا جائے

جس کی مٹی میں لہو رنگ ہے ہر موجِ خرد
اس وراثت سے مجھے باز ہی رکھا جائے

ہم تو پرکار سے اب مستطیل کھینچتے ہیں
حدِامکان کے اُس پار بھی دیکھا جائے

یہ جو حالات ہیں یہ ہم نے نہیں رکھے ہیں
ہم کو چادر کے تناسب سے نہ رکھا جائے

وقت رکھ دے کسی آیندہ کے پل میں مجھ کو
جاتے جاتے یہ نیاکام تو کرتا جائے

☆☆☆

نظم

میں نے کل پکاسو کی
یہ مصوری دیکھی
ہونٹ جس میں کالے تھے
اور اس کے سینے پر
آنکھ بھی بنی دیکھی
شاید اک مصور کو
یہ پیام دینا تھا
آدمی بنانے میں
احتیاط لازم ہے۔

☆☆☆

غزل

درو دیوار کا دکھ بعد کا ہے
یہاں تو مسئلہ بنیاد کا ہے

میں اپنے ساتھ بھی چلتا کہاں تک
ہر اک رستہ تمہاری یاد کا ہے

بنا تحریر کہ یہ کورا کاغذ
نیا لہجہ میری فریاد کا ہے

میں کیوں بیٹھا ہوں انکے راستے میں
زمانہ اب میری اولاد کا ہے

نہ گھر کی چھت پہ کوئی آنچ آئے
یہی قرضہ میری بنیاد کا ہے

☆☆☆

نظم

میں زمین پر تنہا چاند تکتا رہتا تھا
چاند کا تمنائی
اسکے لمس کی حدت کی طلب میں رہتا تھا
فاصلوں کے پیمانے دیکھ کر فضاؤں میں

سانس ٹوٹ جاتی تھی
جب میں چاند پر پہنچا
اور زمین کو دیکھا
کتنے فاصلوں پر وہ بدگماں سی بیٹھی تھی
چاند تو وہیں پہ تھا اور زمیں جگہ پر تھی
میری ذات ہی اپنے راہِ ارتقاء میں تھی
فاصلے زمینی ہیں اور نہ آسمانی ہیں
فاصلے تو ہم سے ہیں
سب ہیں اپنے محور پر
چاند بھی مدار میں ہے
میری ذات کا نقطہ
کہاں ہے دائرے میں آج
فاصلوں کے پیمانے
اس قدر چھوٹے ہیں

☆☆☆

شوکت فہمی

اسطرح کے حریف سخت کے ساتھ
کون لڑتا ہے اپنے بخت کے ساتھ

وہ ضرورت تھی یا محبت تھی
بیل لپٹی رہی درخت کے ساتھ

☆☆☆

یوں نہ مٹی سے اٹ گئے ہوتے
ہم جو رستے سے ہٹ گئے ہوتے

ہم نے سب کشتیاں جلا ڈالیں
ورنہ کب کے پلٹ گئے ہوتے

ہم تمہارے اگر نہ ہو پاتے
کتنے ہاتھوں میں بٹ گئے ہوتے

ایسے لشکر سے کتنا بہتر تھا
ہم اکیلے ہی ڈٹ گئے ہوتے

☆☆☆

پیڑوں پہ پرندہ کوئی نہیں
کیا شہر میں زندہ کوئی نہیں

سب آن بسے ہیں بستی میں
جنگل میں درندہ کوئی نہیں

اس شہر میں کون نہیں رُسوا
لیکن شرمندہ کوئی نہیں

☆☆☆

مشکل پڑی توگھری رفاقت بدل گئ
سورج ڈھلا تو سائے کی صورت بدل گئ

اک عمر تک میں اسکی ضرورت بنا رہا
پھر یوں ہوا کہ اسکی ضرورت بدل گئ

☆☆☆

سب میری ذات پر اتر آئے
یار اوقات پر اتر آئے

پہلے میرا ہنر کھنگالا اور
پھر میری ذات پر اتر آئے

رنگ کچے تھے سارے تتلی کے
سو میرے ہاتھ پر اتر آئے

میں دلیلوں سے بات کرتا ہوں
آپ آیات پر اتر آئے

☆☆☆

بات کرنے کا کیا ہُنر آیا
بس یہ سمجھو میں بار بار آیا

کل گیا تھا میں ایک گلشن میں
پھول شاخوں پہ باندھ کر آیا

آئینے پر نظر پڑی یکدم
دیکھا دیکھا کوئی نظر آیا

اُس نے پوچھا کہ کون، فہمیؔ کون
اور میں سیڑھیاں اتر آیا

☆☆☆

مقصود وفا

یوں بھی خاصیتِ اشیاء کا پتہ چلتا ہے
ریت پر چلتا ہوں، دریا کا پتہ چلتا ہے

جینے لگتا ہوں تو مرنے کی خبر ملتی ہے
اسی دوران میں احیاء کا پتہ چلتا ہے

گھر میں ترتیب سے رکھی ہوئی چیزوں سے مجھے
اپنی برباد تمنا کا پتہ چلتا ہے

ہوتے ہوتے تیرے رازوں کی خبر ہوتی ہے
چلتے چلتے تیری دنیا کا پتہ چلتا ہے

☆☆☆

کارِ بیکار سے آگے کا قدم لیتا ہوں
جو بناتا ہوں اسے توڑ کے دم لیتا ہوں

خاک میں ملتا ہوا دادِ فنا دیتا ہوا
بعض اوقات تو میں راہِ عدم لیتا ہوں

ایک دیوار پہ لٹکی ہوئی تصویروں کو
ایسے تکتا ہوں کہ پھر سانس بھی کم لیتا ہوں

بے قراری ہی کچھ ایسی ہے میری مٹی میں
جب بھی مرتا ہوں کوئی اور جنم لیتا ہوں

☆☆☆

گرد اپنی اتارتا ہوں ذرا
یہ شب وروز جھاڑتا ہوں ذرا

کرنے والا ہے اِک ستارہ کلام
تھوڑی دیر اور جاگتا ہوں ذرا

کارِ دُنیا کوئی رعایت کر
فرصتِ خواب چاہتا ہوں ذرا

اب میں اتنا بھی صبر والا نہیں
گاہے گاہے کراہتا ہوں ذرا

اِک تو میں چاہتا ہوں تنہائی
اِک تیرا ساتھ چاہتا ہوں ذرا

☆☆☆

ہم میں سے کوئی ایک ہے پیچھے پڑا ہوا
اِک میں ہوں دوسرا میرے اندر چُھپا ہوا

محتاط رہ کہ خاک اڑانا یہاں ذرا
جلنے کی تاب رکھتا ہے شعلہ بجھا ہوا

کھیلا ہوں موج موج تیرے ہجر سے اور اب
دل کو ہے تیرے وصل کا دھڑکا لگا ہوا

کھڑکی کہ اُس طرف ہے جمالِ تباہ کُن
کھڑکی کے درمیان ہے پردہ لگا ہوا

کچھ اپنے طور سے بھی ہے رستہ ذرا خراب
اور میں بھی راستے سے ہوں کچھ کچھ ہٹا ہوا

☆☆☆

زخم سہلاتے ہیں اور کارِ ہُنر کرتے ہیں
ہم جو بیتی ہوئی عمروں کو بسر کرتے ہیں

ان زمینوں سے بہت دور کسی رستے میں
بیٹھ جاتے ہیں کہیں اور سفر کرتے ہیں

نیند اتنی بھی ضروری نہیں خوابوں کے لیے
آؤ سوئے ہوئے لوگوں کو خبر کرتے ہیں

رائیگاں جائے گا یوں بولتے رہنا اُس کا
ہم مگر چُپ بھی رہیں گے تو اثر رکھتے ہیں

کامیابی کہ علاوہ بھی کئی مقصد ہیں
ہم کوئی کوشش ناکام اگر کرتے ہیں

اور کچھ کرنا نہیں آیا سو مقصود وفآ
اک محبت ہے جسے بارِ دگر کرتے ہیں

☆☆☆

شہلا نقوی

شکستِ ذات کے احساس سے پلٹ آئے
غموں کے درد کے بن باس سے پلٹ آئے

سمیٹ لائے ہیں اپنی تمام کرچوں کو
تمہارے سامنے اک آس سے پلٹ آئے

وہ آنسوؤں کا سمندر تھا قطرہ قطرہ نمک
سوائے میرے سبھی پیاس سے پلٹ آئے

جلی لُٹی ہوئی بستی کے بام و در کی قسم
گئے تھے شوق سے پر یاس سے پلٹ آئے

وہ اور ہیں جو ستاروں پہ ڈالتے ہیں کمند
زمیں کے عشق میں ہم پاس سے پلٹ آئے

☆☆☆

عباس تابش

ہم نے چپ رہ کے جو اک ساتھ نبھایا ہوا ہے
وہ زمانہ میری آواز میں آیا ہوا ہے

غیر مانوس سی خو شبو سے لگا ہے مجھ کو
تونے یہ ہاتھ کہیں اور ملایا ہوا ہے

میں اُسے دیکھ کے لوٹا ہوں تو کیا دیکھتا ہوں
شہر کا شہر مجھے دیکھنے آیا ہوا ہے

☆☆☆

دُہائی دیتا رہے جو دُہائی دیتا ہے
کہ بادشاہ کو اونچا سُنائی دیتا ہے

تو اس سے مانگ رہا ہے فقط غزل کی بھیک
خدا تو مُلکِ سخن کی خدائی دیتا ہے

ہم اس لیے بھی تجھے بولنے سے روکتے ہیں
تو چپ رہے تو زیادہ سُنائی دیتا ہے

☆☆☆

ہر ایک ہاتھ میں پتھر ہیں کیا کیا جائے
یہ آئینے کا مقدر ہے کیا کیا جائے

میں جس کے ہجر سے محظوظ ہونا چاہتا ہوں
مجھے وہ شخص میسر ہے کیا کیا جائے

کوئی ٹکرا کے سُبک سر بھی تو ہو سکتا ہے
میری تعمیر میں پتھر بھی تو ہو سکتا ہے

کیوں نہ اے شخص تجھے ہاتھ لگا کر دیکھوں
تو میرے وہم سے بد تر بھی تو ہو سکتا ہے

یہ جو ہے پھول ہتھیلی پہ اسے پھول نہ جان
میرا دل جسم سے باہر بھی تو ہو سکتا ہے

کیا ضروری ہے کہ ہم ہار کے جیتیں تابشؔ
عشق کا کھیل برابر بھی تو ہو سکتا ہے

☆☆☆

کوئی ملتا نہیں ہے بوجھ بٹانے کے لیے
شام بے چین ہے سورج کو گرانے کے لیے

میں نے تو جسم کی دیوار ہی ڈھائی ہے فقط
قبر تک کھودتے ہیں لوگ خزانے کے لیے

لفظ تو لفظ یہاں دھوپ نکل آتی ہے
تیری آواز کی بارش میں نہانے کے لیے

کس طرح ترکِ تعلق کا میں سوچوں تابشؔ
ہاتھ کو کاٹنا پڑتا ہے چھڑانے کے لیے

☆☆☆

اسی لیے تو اندھیرے بھی کم نہیں ہوتے
ہمارے جسم چراغوں میں ضم نہیں ہوتے

عجیب لوگ ہیں یہ خاندان عشق کے لوگ
کہ ہوتے جاتے ہیں قتل اور کم نہیں ہوتے

☆☆☆

یہاں پہ عہدہ و منصب قبول کرتے ہوئے
میں تجھ کو بھول گیا تھا یہ بھول کرتے ہوئے

اب اور کتنا جیوں فتح کی امید کے ساتھ
کہ تھک گیا ہوں میں لاشیں وصول کرتے ہوئے

کہ جیسے آندھیاں بارش کو ساتھ لاتی ہیں
وہ رو پڑا مجھے قدموں کی دھول کرتے ہوئے

اب اسکو یاد بھی کرتا ہوں پوچھ کر اُس سے
یہ نوبت آئی ہے شرطیں قبول کرتے ہوئے

☆☆☆

اسی لیے تو ہمارا نشانہ بنتا ہے
ہمارے سامنے آکر زمانہ بنتا ہے

ہمارے جسموں کی اینٹیں لگائی جاتی ہیں
ہمیں ٹھکانے لگا کر ٹھکانہ بنتا ہے

بہشتِ بوسہ اگر تجھ سے مانگتے ہیں ہم
ہم اہلِ شوق کا یہ محنتانہ بنتا ہے

☆☆☆

نمایاں ہونے کہ امکان سے نکل آیا
میں زرد رو شبِ ہجران سے نکل آیا

وہ جس کے خوف سے چھوڑا تھا میں نے بستی کو
وہ سانپ پھر میرے سامان سے نکل آیا

☆☆☆

دی ہے وحشت تو یہ وحشت ہی مسلسل ہو جائے
رقص کرتے ہوئے اطراف میں جنگل ہو جائے

چلتا رہنے دو میاں سلسلہ دلداری کا
عاشقی دین نہیں ہے کہ مکمل ہو جائے

حالتِ ہجر میں جو رقص نہیں کر سکتا
اُسکے حق میں یہی بہتر ہے کہ پاگل ہو جائے

ڈوبتی ناؤ میں سب چیخ رہے ہیں تابشؔ
اور مجھے فکر غزل میری مکمل ہو جائے

☆☆☆

دشت میں پیاس بجھاتے ہوئے مر جاتے ہیں
ہم پرندے کہیں جاتے ہوئے مر جاتے ہیں

ہم ہیں سُوکھے ہوئے تالاب پہ بیٹھے ہوئے ہنس
جو تعلق کو نبھاتے ہوئے مر جاتے ہیں

گھر پہنچتا ہے کوئی اور ہمارے جیسا
ہم تیرے شہر سے جاتے ہوئے مر جاتے ہیں

اُن کے بھی قتل کا الزام ہمارے سر ہے
جو ہمیں زہر پلاتے ہوئے مر جاتے ہیں

یہ محبت کی کہانی نہیں مرتی لیکن
لوگ کردار نبھاتے ہوئے مر جاتے ہیں

ہم ہیں وہ ٹوٹی ہوئی کشتیوں والے تابشؔ
جو کناروں کو ملاتے ہوئے مر جاتے ہیں

☆☆☆

رات کو گھر سے نـــکـــلـــتـــے ہوئے ڈر لگتا ہے
چاند دیوار پہ رکھا ہوا سر لگتا ہے

اس زمانے میں غنیمت ہے غنیمت ہے میاں
کوئی باہر سے بھی درویش اگر لگتا ہے

اپنے شجرے کی وہ تصدیق کرائے جاکر
جس کو زنجیر پہنتے ہوئے ڈر لگتا ہے

ہم کو دل نے نہیں حالات نے نزدیک کیا
دھوپ میں دور سے ہر شخص شجر لگتا ہے

ایک مدت سے میری ماں نہیں سوئی تابشؔ
میں نے اِک بار کہا تھا مجھے ڈر لگتا ہے

☆☆☆

سرمد صہبائی

دشت میں ہے ایک نقشِ رہگزر سب سے الگ
ہم میں ہے شاید کوئی محوِ سفر سب سے الگ

چلتے چلتے وہ بھی آخر بھیڑ میں گُم ہو گیا
وہ جو ہر صورت میں آتا تھا نظر سب سے الگ

بند ہیں گلیوں میں گلیاں، ہیں گھروں سے گھر جدا
ہے کوئی اس شہر میں شہرِ دِگر سب سے الگ

سب کی اپنی منزلیں تھیں سب کے اپنے راستے
ایک آوارہ پھرے ہم در بدر سب سے الگ

شہرِ کثرت میں اگر اِک روزنِ خلوت کُھلا
اُس نے جب دیکھا مجھے اک لمحہ بھر سب سے الگ

ان گنت جلووں سے ہیں کون و مکاں روشن مگر
دل کے خاکستر سے اُٹھتا ہے شرر سب سے الگ

ہے راہ و رسمِ زمانہ پردۂ بیگانگی
درمیاں رہتا ہوں میں سب کے مگر سب سے الگ

مستِ پھر باغِ تحیّر میں اے طاغوتِ سُخن
کو بہ کو پھیلے ہیں اس کے بال و پر سب سے الگ

سب کے سب شامل ہوئے سرمدؔ جلوسِ عام میں
منہ اٹھائے چل دیا ہے تو کہاں سب سے الگ

☆☆☆

فہمیدہ ریاض

امن کی آشا

امن کس لیے لائیں
ختم کس لیے کر دیں
یہ اربوں کھربوں کا کاروبار

قائم ہے جنگ کی بدولت
جو ہم نیاز مندوں کا روزگار قائم ہے
ایسے فضلِ ربی کو کیسے مسترد کر دیں
کیونکہ آپ کہتے ہیں
یار آپ بھی ہیں خوب کس جہاں میں رہتے ہیں
ٹھیک ہے کہ اب یہ ملک ہو گیا بہت برباد
مر گئے ہزاروں لوگ اُڑ گئے دھماکوں میں
کیا کریں یہ ہیں مجبور
اِن جدید جنگوں کے دائو پیچ ایسے ہیں
کہ کتنے ہم وطن معصوم اپنی جاں سے جاتے ہیں
ہم تو فاتحہ پڑھ کر اشک بھی بہا آتے ہیں
سب شہید ہیں پیارو، اوروں کو بتاتے ہیں
یہ رضائے ربی ہے
جس کو موت آتی ہے
اس کی موت آنی ہے
یہ جہان فانی ہے
کیا یقین نہیں تم کو
کیسے تم مسلماں ہو
موت زندگی دونوں
ہیں خدا کے ہاتھوں میں
امن کس طرح آئے
خواب ٹوٹ جائیں گے
عیش کے، حکومت کے
رعب داب کے دن رات

جنگجو جوانوں کی۔ کیسی جیت، کیسی مات
جنگ اک تسلسل ہے
جس میں ہے زرِ خالص
کس طرح سمیٹیں ہم جو بساط پھیلی ہے
ہم نے جو بچھائی ہے
ان طویل برسوں میں
اسقدر مشقت سے
جو ہمارے دشمن ہیں
شکر رب العزت کا
وہ بھی کم نہیں ہم سے
جاندار ہیں پٹھے
پینترے بدلتے ہیں
روز چال چلتے ہیں
ہم بھی سوچتے ہیں چال
شہ کو بڑھاتے ہیں
وہ بچاتے ہیں ملکہ
ہم پیادہ لاتے ہیں
اک قدم بڑھیں آگے
سو قدم چلیں پیچھے
جنگ ایک چکی ہے
روز اسے چلاتے ہیں
یہ بھی کیسی لیلیٰ ہے
اسکی تیز گردش سے
اپنے آپ اُگتے ہیں فرقہ واریت کے بیج

پاپ یہ بھی کرنا ہے
سب کا دھیان بٹتا ہے
ورنہ جانے کیاں مانگے
غول بھوکے ننگوں کا

ہم ہیں ایک چمکتا دیش
کہہ رہا ہے امریکہ
رنگ کیوں پڑے پھیکا
ہم بھی سُر ملائیں گے
اس کے بعد وہ ہم کو
چین سے لڑائیں گے
ہر گھڑی وہ رہتے ہیں
جنگ کے لیے تیار
اُن کے دم قدم سے ہے
اپنی گرمئ بازار
بیچ میں پڑے جب ٹھنڈ
دونوں پیلتے ہیں ڈنڈ

آگیا ہے پھر ساون
چل رہی ہے پُرواری
پیڑ میں چھپی کوئل
کُوکتی ہے کچھ ایسے
جیسے وار کرتی ہو سارے عیش و عشرت پر
جنگ سے جو حاصل ہے اور روز افزوں ہے

ٹھہر تو سہی کوئل تو نظر نہیں آتی
ورنہ ایک گولی سے تیرا خاتمہ کر دینگے
جا کہ مہرباں ہیں آج
بخش دی ہے تیری جان
اپنا گیت گائے جا
کیا بگاڑ سکتی ہے تُو ہماری حشمت کا
جب جہاز جھپٹیں گے
تُند رو ہواؤں میں
جب ترانے گونجیں گے جنگ کے فضاؤں میں
جو تمام دانشوران غریب ملکوں کے
مل کے ساتھ گائیں گے
جب ہماری دہشت سے تیری کُوک لرزے گی
تیری کُنج میں سہمی خود بخود سمجھ لے گی
کُوک اور گرج کا فرق
دُور ہو گی خوش فہمی

☆☆☆

ڈاکٹر پرویز پروازی

وقت کی چھلنی میں چھانی جائے گی
تب ہماری بات مانی جائے گی

آبلہ پاؤں کے دل میں ایک دن
بات کانٹوں کی زبانی جائے گی

آنا ٹھہرا ہے بڑھاپا آئے گا
جانا ٹھہرا ہے جوانی جائے گی

☆☆☆

وقت ناوقت ہُوا، جاں پہ بنی رہتی ہے
سر پہ چادر سی اداسی کی تنی رہتی ہے

دل بھی قابو میں نہیں آنکھ بھی قابو میں نہیں
اور ان دونوں میں ہر وقت ٹھنی رہتی ہے

کام ہی اسکو نہیں زہر اگلنے کے سوا
شیخ کے موبہہ میں کوئی ناگ پھنی رہتی ہے

لاکھ نکلا کریں ارماں بھی دلوں کے، پھر بھی
ایک حسرت ہے کہ اللہ غنی، رہتی ہے

کچھ نہیں کُھلتا سینے کے نہاں خانے میں
سانس رہتی ہے کہ نیزے کی انی رہتی ہے

☆☆☆

جناب احمد مبارک

